# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

*OFFICIAL REPORT*

Friday the July 18, 2025
(352nd Session)
Volume VII, No.02
(Nos.01-05)

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*

Volume VII No.02

SP.VII (02)/2025 04

# Contents


1. Recitation from the Holy Quran ........ 1
2. FATEHA ........ 2
3. Questions and Answers ........ 2
4. Leave of Absence ........ 62
5. Privilege Motion moved by Senator Jan Muhammad, on his behalf and on behalf of Senators Syed Ali Zafar, Dost Muhammad Khan, Abdul Shakoor khan and Gurdeep Singh against Mr. Zafar Nawaz Jaspal, Acting vice-Chancellor Quaid-i-Azam University, Islamabad for breaching the privilege of Honourable Senators ........ 63
   - Senator Jan Muhammad ........ 63
   - Senator Azam Nazeer Tarar(Minister for Law and Justice) ... 64
   - Ms. Wajeeha Qamar, (Minister of State for Federal Education and Professional Training) ........ 65
6. Motion moved [under Rule 194(1)] for Presentation of Report of the Standing Committee on Interior and Narcotics Control on [Islamabad Capital Territory Food Safety (Amendment) Bill, 2025] 66
7. Motion moved [under Rule 194(1)] for Presentation of Report of the Standing Committee on Foreign Affairs regarding appointments in Ministry of Foreign Affairs on deputation basis ........ 67
8. Presentation of Report of the Standing Committee on Law and Justice on [The Whistleblower Protection and Vigilance Commission Bill,2025] ........ 68
9. Presentation of Report of the Standing Committee on Law and Justice on [The Pakistan Navy (Amendment) Bill, 2025] ........ 68
10. Presentation of Report of the Standing Committee on Law and Justice on [The Legal Practitioners and Bar Counclis (Amendment) Bill, 2025] ........ 69
11. Presentation of Report of the Standing Committee on Law and Justice on [The Legal Practitioners and Bar Counclis (Amendment) Bill, 2025] ........ 69
12. Presentation of the Annual Report of the Functional Committee on Devolution [April, 2024 to March, 2025]. ........ 70
13. Presentation of the Report of Committee on Rules of Procedure and Privileges on the Privilege Motion against misconduct of Chief Operating Officer, Karachi Water and Sewerage Corporation (KWSC)70
14. Presentation of the Report of Committee on Rules of Procedure and Privileges on the Privilege Motion against the Deputy Secretary (Council), Ministry of Information Technology and Telecommunications for misleading the Standing Committee ....... 71

15. Presentation of the Report of Committee on Rules of Procedure and Privileges on the Privilege Motion against the irresponsible attitude of Secretary, Communications and Works, Government of Balochistan ....71
16. Presentation of the Annual Report of the Standing Committee on National Food Security and Research from [June, 2024 to May, 2025] .... 72
17. Consideration and Passage of [The Extradition (Amendment) Bill, 2025] .... 72
- Senator Syed Ali Zafar.... 73
- Senator Azam Nazeer Tarar .... 73

18. Consideration and Passage of [The Pakistan Citizenship (Amendment) Bill, 2025].... 77
19. Consideration and passage of The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2025.... 80
- Senator Syed Ali Zafar.... 81
- Senator Samina Mumtaz Zehri .... 81
- Senator Azam Nazeer Tarar .... 82
- Senator Samina Mumtaz Zehri .... 85

20. Consideration and Passage of [The Federal Board of Intermediate and Secondary Education (Amendment) Bill, 2025] .... 87
- Senator Azam Nazeer Tarar .... 88
- Senator Syed Ali Zafar.... 89

21. Laying of the National Agri-trade and Food Safety Authority Ordinance, 2025 (Ordinance No.VI of 2025) .... 91
22. Point of Public Importance raised by Senator Syed Ali Zafar regarding loss of lives and property by recent floods due to heavy monsoon rains .... 92

SENATE OF PAKISTAN
SENATE DEBATES
Friday, the July 18, 2025

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at eleven in the morning with Mr. Deputy Chairman (Senator Syedaal Khan) in the Chair.

----------------

**Recitation from the Holy Quran**

اَعُوْذُبِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝١ هُوَ الَّذِيْ
بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَ
الْحِكْمَةَ ۗ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝٢ وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ ۭ وَ
هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝٣

ترجمہ: آسمانوں اور زمین میں جو چیز بھی ہے، وہ اللہ کی تسبیح کرتی ہے جو بادشاہ ہے، بڑے تقدس کا مالک ہے، جس کا اقتدار بھی کامل ہے، جس کی حکمت بھی کامل۔ وہی ہے جس نے اُمّی لوگوں میں اُنہی میں سے ایک رسول کو بھیجا جو اُن کے سامنے اُس کی آیتوں کی تلاوت کریں، اور اُن کو پاکیزہ بنائیں، اور انہیں کتاب اور حکمت کی تعلیم دیں، جبکہ وہ اس سے پہلے کھلی گمراہی میں پڑے ہوئے تھے، اور (یہ رسول جن کی طرف بھیجے گئے ہیں) ان میں کچھ اور بھی ہیں جو ابھی ان کے ساتھ آ کر نہیں ملے۔ اور وہ بڑے اقتدار والا، بڑی حکمت والا ہے۔ سورۃ الجمعہ (آیات ۱ تا ۳)

جناب ڈپٹی چیئرمین: اب ہم وقفہ سوالات لیتے ہیں۔آرڈر نمبر 2۔ جو موخر شدہ سوال نمبر 40 ہے، سینیٹر رانا محمود الحسن صاحب نہیں ہیں؟

(مداخلت)

## **FATEHA**

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی پلیز۔

(اس موقع پر ایوان میں سینیٹر شہادت اعوان نے فاتحہ کروائی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: ابھی وقفہ سوالات کی طرف جاتے ہیں۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی جی، تمام چیزوں کے لیے اجتماعی دعا کرتے ہیں ۔ سینیٹر مولانا عبد الواسع صاحب ،آپ ساری چیزوں کے لیے اجتماعی دعا کروادیں۔

سینیٹر عبدالواسع: (عربی میں فاتحہ پڑھی)۔

## **Questions and Answers**

جناب ڈپٹی چیئرمین: رانا محمود الحسن صاحب نہیں ہیں؟ سوال نمبر 43۔ سینیٹر فلک ناز صاحبہ۔

Question No. 43 Senator Falak Naz: Will the Minister for Communications be pleased to state whether it is fact that link road to Lowari Tunnel is yet to be completed, if so, the reasons of delay indicating the percentage of work completed and amount allocated with expenditures made so far?

Mr. Abdul Aleem Khan:

**Total Length of link/Access Roads of Lowari Tunnel Project is 33.2 km. These roads have been divided and constructed as per following packages:**
**k road**

**Access Roads (Package-I) of 18.6 km;**
**Package-I was divided into two sub-sections, i.e. South Access Road of 9.3 km and North Access Road of 9.3 km. These Roads have been COMPLETED IN YEAR 2010 and operational for all kind of traffic.**

**Access Roads (Package-II) of 14.6 km;**
**Package-II has been divided into two sub-sections, i.e. South Access Road of 7.3 km and North Access Road of 7.3km. South Access Road has been COMPLETED SINCE DECEMBER, 2020 and operational for traffic.**

**However, work was suspended on North Access Road (7.3km) upon achieving physical progress of 61.57% (Rigid pavement has been carried out on 2.6km length of road); due to delay in payment owing to delay in approval of 3rd Revised PC-I, which was later approved with reduced cost.**

**Percentage of Work done: 61.57%**
**Amount allocated for work done: Rs. 1,343 Million**
**Amount Utilized: Rs. 1,343 Million**
**Project Contractor's Status: Demobilized**

**It is imperative to mention that keeping in view the requirement of site and to avoid fatal accidents, an estimate amounting to Rs. 480 Million has been approved under RMA funds. Wherein Rigid and Flexiable Pavement will be constructed.**

**The work is under execution and will be completed upto October 2025.**

سینیٹر فلک ناز: چیئرمین صاحب، میرا سوال وزیر مواصلات سے ہے۔ چترال کی سڑکوں کے لیے جو funds مختص کیے گئے ہیں، ہمیں ان کا تخمینہ بتائیں۔ میں نے یہ سوال بہت پہلے کیا تھا لیکن ابھی تک مجھے اس کا جواب نہیں دیا گیا ہے۔ مجھے یہ بھی بتایا جائے کہ جو لواری ٹنل کا approach road ہے، اس حوالے سے اس ایوان میں پچھلے چار سالوں سے میں یہ سوال وزیر مواصلات سے کرتی آ رہی ہوں لیکن ابھی تک مجھے کوئی مثبت جواب نہیں ملا ہے۔ یہ approach road چار

کلومیٹر پر محیط ہے تو یہ کب تک مکمل ہو جائے گی؟ دوسرا یہ کہ چترال کی سڑکوں کے لیے جو funds مختص کیے گئے ہیں، ہمیں اُن کی بھی تفصیلات بتائی جائیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی وزیر مواصلات صاحب۔

جناب عبدالعلیم خان (وفاقی وزیر برائے مواصلات): جناب! میری بہن نے جو سوال کیا ہے، میرے پاس جو سوال ہے وہ صرف لواری ٹنل کے بارے میں ہے۔ جو ہماری بہن نے دوسری بات funds کے حوالے سے کی ہے وہ question میرے پاس نہیں ہے۔ میں آپ کو funds کے بارے میں پورا check کروا کر بتا دوں گا کہ چترال میں آپ کے area کے لیے کتنے funds مختص ہوئے ہیں۔

اس لواری ٹنل کا میں آپ کو بتا دوں کہ اس کے دو packages تھے۔ ایک package-1 تھا جو کہ 18.6 کلومیٹر کا تھا۔ یہ 2010 میں complete ہو گیا تھا۔ دوسرا جو package-2 تھا وہ بھی 14.6 کلومیٹر کا تھا۔ یہ package-2 دو حصوں میں divide ہوا تھا۔ ایک south access کا اور ایک north access کا۔ یہ دونوں 7.3 kilometer each کے تھے۔ ان میں سے ایک جو 7.3 کلومیٹر کا south access ہے، وہ دسمبر 2020 میں complete ہو گیا تھا لیکن جو north والا ہے، جس کو 2020 میں ہی complete ہونا تھا، اس میں دو contractors تھے جو مل کر یہ کام کر رہے تھے۔ پھر وہ دونوں آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ لڑ پڑے اور وہ کورٹ میں چلے گئے اور کورٹ نے اُس پر stay دے دیا۔

ہمیں اس کا جب پچھلی دفعہ پتا لگا تھا تو ہم نے اس پر جون میں کام start کر دیا ہے۔ اس کو ہم اپنے funds میں سے کروا رہے ہیں اور یہ دونوں contractors آپس میں ابھی تک لڑ رہے ہیں۔ یہ 480 million rupees کا project ہے جو کہ ہم ان شاءاللہ تعالیٰ دسمبر تک complete کر لیں گے۔ اس وقت وہاں پر کام جاری ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس حوالے سے کوئی اور question ہے۔ اگلا سوال سینیٹر ڈاکٹر افنان اللہ خان کا ہے۔ نہیں ہیں جی۔ یہ بھی موخر شدہ سوال ہے۔ سوال نمبر 47 سینیٹر عبدالشکور خان۔

Question No. 47 Senator Abdul Shakoor Khan: Will the Minister for Communications be pleased to *state?*

(a) the number of Highways passing through Qilla Abdullah indicating the budgetary allocations made by the National Highways Authority for repair and maintenance work of these highways; and

(b) Details of any proposal under consideration for construction of new Highways on the same route, if so, the details thereof?

(c) Mr. Abdul Aleem Khan: (a)

- **It is submitted that only National Highway N-25 passes through district Qila Abdullah from Km 740 to 780 (40 Km).**
- **It is further submitted that National Highway Authority West-Zone has also executed repair maintenance work on N-25 within the Qila Abdullah district including the complete rehabilitation of road section from Km 741 to 751 by providing new asphaltic layer amounting to Rs. 347.52 million.**
- **A single cell culvert has been constructed at Km 771 near Qila Abdullah Bazar amounting to Rs. 16.00 million.**
- **Recently, the repair maintenance works of retaining wall at Km 777 near Muhammad Ali Bahawri has also been carried out amounting to Rs. 09.00 million.**
- **Routine maintenance contracts are being executed throughout the year to attend minor repair works including asphaltic patch work and repair of shoulders to make the road motorable and ensure uninterrupted flow of traffic round the clock. In addition, repair maintenance works of two (02) bridges from Km 772 to 773 has also been completed through routine maintenance contract.**

(b) • NHA has taken up the Dualization of National Highway (N-25) "Karachi-Quetta-Chaman", which passes through Qila Abdullah. The Project is among the top priority projects of the Government for which the Honorable Prime Minister has constituted a Steering Committee under his chairmanship to follow up on the progress of work. The Honorable PM has also allocated dedicated funds for the project from Petroleum Development Levy (PDL).

- Recently, Honorable PM has instructed NHA to convert N-25 completely into Expressway and renamed it as "Balochistan Expressway". NHA has initiated the procurement process & is also seeking approval of the Revised PC-Is.

- However, further major rehabilitation work is not planned on Kuchlak-Chaman Section of N-25 as the alignment is being dualized through a PSDP Project which will be launched soon.

سینیٹر عبدالشکور خان: بہت شکریہ جناب چیئرمین صاحب۔ باقی سوالات کے جوابات تو مل چکے ہیں لیکن اس میں ایک حصہ غائب ہے۔ مجھے اس کی وجہ سمجھ میں نہیں آ رہی کہ ایسا کس وجہ سے ہوا ہے۔ سید حمید پُل 45 سال پہلے بنا ہے۔ تو ابھی اُس کی حالت بہت زیادہ خراب ہے۔ ہر سال اس پر کام شروع ہوتا ہے۔ کوئی دو مہینے کام ہوتا ہے پھر ختم ہوتا ہے۔ کوئی دو مہینے کام ہوتا ہے پھر ختم ہوتا ہے۔ اس سید حمید پل کے حوالے سے وزیر صاحب کچھ guarantee دیں یا اس پر کچھ بات کریں۔

جناب عبدالعلیم خان: میرے بھائی نے جس پُل کی بات کی ہے، ہم اس کو check کروا لیتے ہیں۔ اس کے بعد میں ان کو بتا دیتا ہوں۔ اس question میں چونکہ یہ mention نہیں تھا تو اس لیے اس کا تو جواب نہیں تھا لیکن ہم اس کی پوری تفصیل بتا دیتے ہیں۔ میں ابھی بتا دیتا ہوں جی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس حوالے سے کوئی ضمنی سوال ہے؟ جی دوست محمد وزیر صاحب۔

سینیٹر دوست محمد خان: جی، میں منسٹر صاحب کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ D. I. Khan کے لیے جو express way بنا ہے، وہ انتہائی بری حالت میں ہے۔ اُس میں بڑے سخت جھٹکے لگتے ہیں۔ اگر اُس پر کوئی بوڑھا آدمی سفر کرے تو automatically اُس کی کمر میں کوئی نہ کوئی تکلیف ضرور پیدا ہو گی۔ جناب، انتہائی ناقص material استعمال ہوا ہے اور دوسری بات یہ کہ ۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ ضمنی سوال پوچھیں جی۔

سینیٹر دوست محمد خان: میرا سوال ہے کہ اُس سڑک کو کب تک ٹھیک کریں گے؟

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

جناب عبدالعلیم خان: انہوں نے جو بات کی وہ بالکل جائز بات ہے اور میں اس حوالے سے ان سے تفصیل لے لیتا ہوں کہ یہ کون سے patch کی بات کر رہے ہیں تاکہ وہ مجھے patch بتا دیں تو میں انہیں تفصیل بتا دوں گا کہ وہ کب تک complete ہو جائے گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس حوالے سے کوئی اور ضمنی سوال ہے؟ جی سینیٹر فوزیہ ارشد صاحبہ۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: جی السلام و علیکم۔ Thank you very much. جناب! چترال پاکستان کی ایک بہت خوبصورت جگہ ہے وہاں پر ہمیں tourism کو بہت زیادہ encourage کرنا چاہیے۔ جب tourist وہاں جاتے ہیں تو وہاں کا route جو کہ کچی سڑک ہے، اُس کو جس طرح سے رکھا ہوا ہے اور اگر اُس کی carpeting ہو جائے تو ہمیں بہت زیادہ revenue ملے گا۔ تو یہ میری گزارش ہے کہ اس road پر توجہ دیں with a focus that it can generate revenue for the country with regards to tourism.

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی منسٹر علیم خان صاحب۔

جناب عبدالعلیم خان: چیئرمین صاحب! محترم بہن نے جو کہا ہے وہ بات بالکل ٹھیک ہے۔ ہمارے بہت سارے ایسے areas ہیں جو ہمیں بہت revenue اکٹھا کرکے دے سکتے ہیں اور summer vacations میں ہمارے لاکھوں local tourists بھی وہاں جاتے ہیں۔ وہاں کی بہت ساری سڑکیں بہت خراب ہیں۔ میں نے تمام سیکریٹری صاحبان کو، ہمارے تمام چیف منسٹر صاحبان کو اور PM Azad Jammu and Kashmir کو بھی یہ letters لکھے ہیں کہ آپ یہ roads NHA کو دے دیں۔ ہم اس پر خود maintenance کریں گے، ہم اس کو خود develop کریں گے اور ہم اس کی دوبارہ re-carpeting کریں گے۔ ہم ان ساری سڑکوں کو اس قابل کریں گے کہ وہاں پر لوگ جب جاتے ہیں تو ان کو بہت تکالیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ وہ اتنے خوبصورت areas ہیں لیکن وہاں سے ہم اپنا revenue generate نہیں کر سکتے کیونکہ لوگ آجاتے ہیں تو اُن کو بہت تکلیف ہوتی ہے۔ سڑک کی حالت کئی جگہوں پر بہت خراب ہے۔ اگر یہ ہمیں گلگت بلتستان، خیبر پختونخوا اور آزاد کشمیر کی roads مل جائیں جو کہ tourist resorts اور tourist parks ہیں تو ہم ساری خود بنانے کے لیے تیار ہیں۔ ہم اُن جگہوں سے revenue اکٹھا کریں گے اور roads کی maintenance بھی خود کریں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین! یہ بھی موخر شدہ سوال ہے۔ سوال نمبر۔52 سینیٹر پلوشہ محمد زئی خان صاحبہ۔

Question No. 52 Senator Palwasha Muhammad Zai Khan: Will the Minister for Communications be pleased to state:-

*(a)* qualification of Director Maintenance Multan indicating his date of appointment, service record in NHA;

*(b)* number of technicians posted in NHA office, Multan; and

*(c)* Details of policy /law highlighting duration of service or employees on one station alongwith details of any violation of such

policy/law in NHA office, Multan during last three years?

Mr. Abdul Aleem Khan:

a) Mr Mujahid Raza Malik (BS-18) has the qualification of BSc (Civil) (1st Division). The officer was inducted in NHA w.e.f 17-12-2012 as Deputy Director (Engineer/BS-18). Service record of the officer in NHA is at **Annex-A**. The officer is presently posted as Director (Maintenance) NHA Multan (OPS) vide order dated 21-6-2024.

b) At present, two (lab) technicians are posted in Regional Testing Laboratory, NHA Multan.

c) Detailed policy/ law regarding duration of service (tenure) is at **Annex-B**.

**Annex-A**

**SERVICE RECORD OF MR MUJAHID RAZA MALIK IN NHA**

1. Joined NHA on deputation basis w.e.f.17-12-2009 as Deputy Director (Engineer/BS-18) and was posted as PD (Ring Road Pack-3) and Nag Shah Chowk, Multan.

2. Was given look after charge of PD (Bosan Road) Multan vide order dated 17-3-2010.

3. Inducted into regular service of NHA w.e.f. 17-12-2012 as Deputy Director (Engineer/BS-18).

4. Posted as Director (Construction South) NHA HQ vide order dated 1-8-2013.

5. Posted as PD (Sultan Bahoo Bridge on river Chenab) at Garh Maharaja, NHA Shorkot vide order dated 16-1-2014.

6. Posted as PD (Layyah-Taunsa Bridge) NHA Layyah with look after the charge of PD (Sultan Bahoo Bridge) vide order dated 18-10-2017.Was given the charge of PD (Lodhran-Multan Project) in addition to present assignment vide order dated 4-5-2021.

7. Was posted as Director (Maintenance) Punjab South, NHA Multan vide order dated 21-6-2024.

**Annex-B**

**POLICY/LAW REGARDING POSTING TENURE**

NHA has been established through an Act of Parliament in 1991 (as amended in 2001). It has its own rules pursuant to Section-14 and Section-31 of NHA Act duly notified in the official Gazette. Rules-30 of NHA Service Rules, 1995 provide the following regarding posting/ transfers: -

***"The Competent Authority may post or transfer an employee of the authority to the Head Office or to any of the Subordinate Offices in Pakistan under its administrative control or management"***

2. To regulate the transfers within the organization "Appointments, Promotions and Transfer Regulations-2002" have been framed. Clauses-4.10 to 4.18 deals with postings/transfers of NHA employees. In clause-4.10 normal tenure of posting is defined whereas and clause 4.11 elaborates non application of tenure on posting of technical officers/experts. Pursuant to clause-4.15, premature transfers can also be made in public interest on requirement basis. Extracts of relevant clauses are reproduced below: -

"**Clause-4.10** The normal tenure of posting of officers and staff in NHA shall be three years on same post, which can be extended for further two years on the recommendation of Member concerned."

"**Clause-4.11** The above principle may not apply in cases of purely technical officers/experts, who have been recruited for a particular post/cadre."

"**Clause-4.15** The transfer orders will carry reason of transfer i.e on completion of tenure at own request, on compliant or administrative grounds."

Note: - "Administrative Grounds" means pre-mature transfer, ordered in public interest or on other valid grounds by the competent authority"

جناب ڈپٹی چیئرمین: کوئی ضمنی سوال؟

سینیٹر پلوشہ محمد زئی خان: شکریہ، جناب چیئرمین! میرا سوال یہ ہے کہ جن کے لیے انہوں نے لکھا ہے یا جن کے بارے میں سوال ہے کہ انہوں نے 2009 میں NHA کو join کیا as PD (Ring Road Pack-3) ظاہر ہے ان کی تعیناتی کسی board نے کی ہوگی۔ اس کے بعد انہیں 2012 میں regular service میں induct بھی کر لیا گیا۔ منسٹر صاحب فرمانا پسند

کریں گے کہ یہ کس board کی تعیناتی کے نتیجے میں یہاں تک آئے ہیں؟ اگر board کی تعیناتی کا فیصلہ تھا تو اس کے members کون تھے اور کیا basis تھی؟

جناب ڈپٹی چیئرمین! جی، وزیر مواصلات صاحب۔

جناب عبدالعلیم خان: معزز سینیٹر صاحبہ نے جو بات کی ہے یہ بالکل board کے ذریعے ہی ان کی تعیناتی ہوتی ہے اور exactly اس board کے کون کون سے members تھے، یہ میں ان کو ضرور check کر کے بتادوں گا لیکن یہ through board ہی تعیناتی ہوتی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، سینیٹر صاحب۔

سینیٹر ضمیر حسین گھمرو: Department of Communications نے بتایا کہ یہ NHA میں deputation پر 2009 میں آیا ہے۔ Supreme Court کی دو judgements ہیں جو 2015 & 2013 میں آئی تھیں اس کے تحت جو بھی لوگ deputation پر آئے تھے ان کو واپس بھیجا گیا اور civil servants rules میں deputation کا عرصہ دو سال مقرر کیا گیا ہے اور اس بندے کو against the judgments of Supreme Court غیر قانونی طور پر absorb کیا گیا ہے۔ میں منسٹر صاحب سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ violation کیوں ہوئی ہے؟ اس شخص کو کب واپس بھیجا جائے گا؟ ان افسران کے خلاف کیا action لیا جائے گا جنہوں نے اسے continue کروایا؟ کیونکہ یہ Supreme Court کی repeated judgments ہیں کہ deputation پر آنے والے بندے کو absorb نہیں کیا جا سکتا اور ان کو واپس بھیجا جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، منسٹر صاحب۔

جناب عبدالعلیم خان: میں honourable سینیٹر صاحب کو یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اگر اس میں کوئی بھی violation ہوئی، تو ان شاء اللہ میں اس کے خلاف کارروائی کروں گا۔ میرے علم میں ابھی تک یہ نہیں ہے کہ یہ کسی Supreme Court orders کی violation میں رکھا گیا ہے۔ اگر یہ violation ثابت ہوتی ہے جو آپ نے فرمایا وہ بالکل ٹھیک ہو گا۔ ہم اس پر inquiry کریں گے اور آپ کو بھی اس کا جواب دیں گے اور ایوان میں پیش کریں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، سینیٹر شہادت اعوان صاحب۔

سینیٹر شہادت اعوان: جناب! جی، منسٹر صاحب نے یہ بات خود تسلیم کر لی ہے اگر کچھ کرنا ہو گا تو میرا تو کہنا ہے کہ یہ شخص 2009 سے deputation پر آیا ہے اور extension زیادہ سے زیادہ دو سال کی ہو سکتی تھی۔ 16 سال سے ایک شخص کو ایک عہدے پر بٹھایا ہوا ہے، اور حیرت کی بات ہے کہ Ministry کو بھی نہیں پتا، کسی کو بھی نہیں پتا، کہ ایک شخص Supreme Court کی repeated judgments کی violation میں بیٹھا ہوا ہے، جو پالیسی ہے اس کی خلاف ورزی میں بیٹھا ہوا ہے۔ اور وہ extension جو دی گئی وہ بھی گزر چکی ہے۔ کیا بات ہے کہ ایک ہی شخص رولز کی violation میں وہاں بیٹھا ہے؟

یا کہیں کہ اگلے پندرہ بیس دن میں vacancy کو advertise کر کے جو suitable آدمی ہے وہاں پر regular post کیا جائے گا۔ اس بندے کو ہٹایا جائے گا۔ ابھی inquiry ہو گی نو سے سولہ سال ہو چکے ہیں۔ سولہ سال ہونے کے باوجود اسی وجہ سے NHA کا حال یہ ہے کہ پُل بنتا نہیں کہ گر جاتا ہے۔ روڈ بنتا نہیں کہ کھڈے پڑ جاتے ہیں۔ حالت یہ ہے کہ گریڈ 17 کے ایک آدمی کو پوری ایک ڈویژن دے کر بٹھا دیا جاتا ہے یا منسٹر صاحب یہ undertaking دیں کہ آج اس کو ہٹا کر وہاں پر ایک regular آدمی کو لگایا جائے گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ سوال کریں۔ جی، پلیز، منسٹر صاحب۔

جناب عبدالعلیم خان: جی، معزز سینیٹر صاحب نے جو نشاندہی کی ہے اگر یہ واقعی ٹھیک ہے تو میں اس بات کو بالکل مانتا ہوں کہ اگر Supreme Court کی violation ہوئی ہے تو اس کے اوپر ان شاء اللہ تعالیٰ فوری کارروائی ہو گی۔ میں اسی لیے پہلے بھی اپنے معزز سینیٹر صاحب کے سوال کے جواب میں کہہ چکا ہوں کہ آج ہم جا کر یہ چیک کر لیتے ہیں اگر یہ violation میں بیٹھے ہوئے ہیں تو اس کو فوری طور پر فارغ کریں گے اور یہ صرف اس شخص کے لیے نہیں ہے اگر اس کے علاوہ بھی کوئی violation میں بیٹھا ہوا ہے ہمارا تو کوئی interest نہیں ہے۔ مجھے پتا نہیں ہے کہ سولہ سال پہلے کس نے لگایا تھا اور کس وجہ سے سولہ سال سے بیٹھا ہوا ہے لیکن جس کی بھی وجہ سے بیٹھا ہے اگر یہ violation میں بیٹھا ہے تو آئندہ نہیں بیٹھے گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو صاحب: منسٹر صاحب نے تو بالکل واضح کر دیا، میرے خیال میں ایسا ہونا چاہیے کہ جتنے بھی لوگ deputation پر اس department میں آئے ہیں چاہے وہ 2009 سے ہیں یا جب سے ہیں ان سب کو as per decision of Supreme Court, rules & regulations کے مطابق ان افراد کو ہٹایا جائے۔ اپنے department کے لوگ تعینات کیے جائیں تاکہ کم از کم ڈیپارٹمنٹ آگے چل سکے۔ میری منسٹر صاحب سے یہی التجا ہو گی کہ جو بھی لوگ deputation پر ہیں ان سب کو اس میں لائیں تاکہ department صاف ہو جائے۔

آپ دیکھ رہے ہوں گے کہ آج کل جیسے NHA کے حالات ہیں اور biddings میں جو کچھ ہو رہا ہے یہ بھی آپ کے سامنے ہے۔ Recently جو track-III راجن پور، ڈیرہ اسماعیل خان میں ایک disqualified company جس کا کام terminate کیا گیا اس کو کیسے یہ 172 billion کا کام دے رہے ہیں۔ یہی لوگ ہیں جو deputation پر آتے ہیں وہ بیٹھ کر اپنے مفادات کو secure کرتے ہیں اور ایسے غلط عمل کرتے ہیں پھر پاکستان کے عوام اس عذاب کو جھیلتے ہیں اور جو اضافی فنڈز آتے ہیں جو اس scheme پر لگتے ہیں وہ overall پاکستانی عوام کو واپس کرنے ہیں۔ ان افسران پر بھی action لینا چاہیے وہاں پر بیٹھ کر غلط کر رہے ہیں۔

خاص طور پر میں اس موقع کا فائدہ تو نہیں کہوں گا لیکن منسٹر صاحب کو لازمی التجا کروں گا کہ NHA میں blunder پر blunder ہو رہے ہیں، اور in awarding of contracts اربوں کی corruption ہو رہی ہے اور ہمیں امید ہے کہ آپ ابھی نئے آئے ہیں، آپ ان پر ایکشن لیں گے۔ آپ ان سارے لوگوں کو دیکھیں اس طرح کم از کم ہم NHA کو بچا پائیں گے۔ پلوشہ بہن بیٹھی ہیں، ضمیر صاحب بیٹھے ہیں، یہ ہمارے کمیٹی کے ممبرز ہیں۔ آپ committees میں دیکھیں، آپ کے NHA کے افسران ایک لفظ سوال کا جواب نہیں دے سکتے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ سوال کریں ناں۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: یہ سوال ہے اور کون سی میں کوئی رام کہانی تو نہیں بتا رہا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، سوال کا جواب دیں۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: بات یہ ہے کہ ہمیں ان لوگوں پر کم از کم ایکشن لینا چاہیے۔آپ کے NHA کے افسران کمیٹی میں بول نہیں پاتے، جھوٹ کے اوپر جھوٹ بولتے ہیں، غلط بیانی کرتے ہیں ہر کمیٹی میں mislead کرتے ہیں۔ میں Economic Affairs Division کی committee کا میں چیئرمین ہوں اس میں وہ expose ہوئے ہیں۔ ہمارے Communications Committee کے چیئرمین پرویز صاحب بیٹھے ہیں وہاں بھی یہ expose ہوئے ہیں۔ ان سب پر action لینا چاہیے، سبق یہی ہے کہ جو لوگ deputation پر اور pick & choose basis پر آتے ہیں یہی ایسے عمل کرتے ہیں کیونکہ ان کا مستقل یہاں ہوتا نہیں ان پر action لینا چاہیے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ جی، منسٹر صاحب۔

جناب عبدالعلیم خان: میں سینیٹر صاحب کو یقین دلاتا ہوں کہ جس بات کی انہوں نے نشان دہی کی ہے، ان شاءاللہ تعالیٰ اس کو priority پر لیں گے۔ اگر آپ کسی ایک خاص شخص یا ہمارے کسی project کے بارے میں نشان دہی کر سکیں تو میں حاضر ہوں۔ میں آپ کے پاس خود آ کر اس کے بارے میں detail لے لوں گا۔ لیکن میں ایوان کو ایک بات بتانا چاہتا ہوں کہ 2024 سے 2025 کے درمیان ایک سال کے اندر NHA نے اپنے revenue میں ریکارڈ اضافہ کیا ہے۔ اس سال ہم نے پچھلے سال کی نسبت 50 ارب روپے زیادہ کمائے ہیں۔ یہ جو اضافہ ہے جب تک آپ کی سڑکوں کے لیے فنڈز نہیں ہوں گے اگر آپ نے اس کو improve کرنا ہے ان کو دوبارہ rebuild کرنا ہے، resurfacing کرنی ہے تو اس سب کے لیے پیسے چاہیے ہوتے ہیں۔ اگر آپ نے نئے bridges بنانے ہیں یا پہلے سے بنے bridges کو ٹھیک کرنا ہے تو اس کے لیے بھی آپ کو پیسے چاہیں۔ اس مرتبہ ہم نے پیسے کمائے ہیں اور اپنے فنڈ سے کمائے ہیں کیونکہ ہمیں PSDP سے پچھلے سال سے بھی کم فنڈز ملے ہیں۔ اس لیے میں چاہتا ہوں کہ میں اپنے تمام معزز سینیٹرز صاحبان کو بتا سکوں کہ ان شاءاللہ تعالیٰ اس کے اندر جتنے بھی development work ہو رہے ہیں پہلے سے زیادہ تیزی نظر آئے گی اور جو کام شروع نہیں کر سکے تھے آپ کو اس پر بھی کام ہوتا ہوا نظر آئے گا۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، سینیٹر طاہر خلیل صاحب۔

سینیٹر طاہر خلیل: عبدالعلیم خان صاحب is a very intelligent Minister یہ تو admitted fact ہے کہ مان لیا کہ کتنی دیر سے، کوئی بھی ہے، مجھے نہیں پتا کہ یہ کون شخص ہے کون نہیں ہے نہ میں جانتا ہوں لیکن rules کی تو violation ہو رہی ہے۔ کیوں نہیں آپ timeline دے رہے کہ پندرہ دن میں یا بیس دن میں کوئی meeting بلا کر جتنے بھی لوگ ہیں ان کو فارغ کرتا ہوں۔ نمبر۔۲، منسٹر صاحب جو deputation پر لوگ لے کر آئے ہیں ان کی وجہ سے آپ کی آمدنی میں اضافہ ہو رہا ہے۔ آپ سے مراد ہے NHA کی اگر یہ نہیں رہیں گے تو پھر آمدنی میں اضافہ نہیں ہو گا۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، وزیر مواصلات۔

جناب عبدالعلیم خان: ان کا بہت شکریہ۔ میرے معزز سینیٹر مجھ سے زیادہ لائق اور سمجھدار ہیں۔ میں ان کو پچھلے بیس سالوں سے جانتا ہوں اس لیے مجھے پتا ہے کہ ماشاءاللہ ان کے اندر کتنی سمجھداری ہے۔ میں معزز سینیٹر کے سوال کو بالکل مانتا ہوں اور میں یہ چاہ رہا ہوں کہ میں آپ کو یہ نہ کہوں کہ میں 15 دنوں میں کر دوں گا، ہو سکتا ہے کہ میں کل تک ہی کر دوں لیکن مجھے آپ یہ دیکھنے تو دیں کہ ان میں سے کتنے ایسے ہیں جو سپریم کورٹ کے حکم کی violation پر بیٹھے ہوئے ہیں۔ اگر سپریم کورٹ کے حکم کی violation پر ہیں تو یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ ہم 15 دن انتظار کریں گے، ہم 15 منٹ بھی انتظار نہیں کریں گے اگر کوئی violation پر بیٹھا ہوا ہے تو ہم اس کو اسی وقت فارغ کریں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی سینیٹر سید مسرور احسن صاحب، سوال نمبر 21۔

Question No. 21 Senator Syed Masroor Ahsan:Will the Minister for Overseas Pakistanis and Human Resource Development be pleased to state total number of workers registered with the Employees Old-Age Benefits Institution (EOBI) along-with the total number of workers to whom EOBI cards have been issued?

Chaudhry Salik Hussain: Total number registered workers are 11,448,517, as of 31st March, 2025. These workers are called as Insured Persons; EOBI Registration cards have been issued to all of them.

Every Insured person can get his/her confirmation about registration through EOBI web site.

سینیٹر سید مسرور احسن: کیا وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز اور انسانی وسائل کی ترقی بیان فرمائیں گے کہ ایمپلائز اولڈ ایج بینیفٹس انسٹیٹیوشن (EOBI) میں کل رجسٹرڈ شدہ ملازمین کی تعداد کیا ہے، نیز ان میں کل کتنے ملازمین کو EOBI کے کارڑز جاری کیے گئے ہیں؟

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

سینیٹر سید مسرور احسن: جناب انہوں نے جواب غلط دیا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ سوال کریں، یہ floor of the House پر جواب دیں گے۔

سینیٹر سید مسرور احسن: جناب چیئرمین! آپ کہہ رہے ہیں کہ جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ دوبارہ سوال کرلیں۔

سینیٹر سید مسرور احسن: جناب میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ انہوں نے جواب میں لکھا ہوا ہے کہ (11448517) ملازمین ensure workers ہیں جو کہ رجسٹرڈ ہیں اور باقی website پر جا کر آپ check کر سکتے ہیں۔ اتفاق سے میں نے website پر جا کر check کیا تو وہاں پر ننانوے لاکھ ہیں تو یہ کیوں غلط بیانی کرتے ہیں جبکہ وزیراعظم پاکستان نے کل ہی EOBI کی پنشن میں 15% اضافہ بھی کیا ہے اور انہوں نے ایک کمیٹی بھی بنائی ہے جو دیگر لوگوں کو بھی شامل کرنا چاہتے ہیں، مثلاً گھریلو ملازمین اور hawkers وغیرہ ایسے لوگ جو رجسٹرڈ نہیں ہیں، انہیں بھی رجسٹرڈ کرنا

چاہتے ہیں۔ EOBI اتنا بڑا ادارہ ہے، ازبکستان میں تمام لوگ رجسٹرڈ ہیں لیکن یہاں یہ غلط figures دے رہے ہیں، اس کی اصلاح کریں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی وزیر صاحب۔

بیرسٹر عقیل ملک (وزیر مملکت برائے قانون و انصاف): شکریہ، جناب چیئرمین! فاضل رکن کے سوال کے جواب میں تھوڑی سی update ہوئی ہے کیونکہ گاہے بگاہے آپ کو پتا ہے کہ لوگ اپنے آپ کو رجسٹر کرتے رہتے ہیں اور live numbers اس website پر رکھنا یا کوئی ایسا live mechanism نہیں ہے، جیسے جیسے وہ رجسٹرڈ کرتے ہیں periodically اسے update بھی کیا جاتا ہے۔ کیونکہ کل میرے ذمہ یہ سوال آئے، اس پر update information تھی انہوں نے ننانوے لاکھ کی بات کی ہے لیکن جو latest figures ہیں، میں نے انہیں کہا کہ as of yesterday مجھے بتائیں کہ latest figures اس میں کیا ہیں تو اس میں latest figures (11600440) ہیں۔ اگر فاضل رکن سمجھتے ہیں تو website میں کوئی error ہو سکتا ہے اگر کہیں گے تو اسے check کرکے update بھی کر دیں گے، کوئی ایسا mechanism بھی بنالیں گے کہ اس میں live updates بھی ہوتی رہیں جیسے جیسے وہ register ہوں تاکہ 24 یا 38 گھنٹوں کے اندر اندر وہ update بھی ہوتا جائے۔ میں نے آپ کو تعداد تو بتادی کہ registered workers کی تعداد یہ ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ کارڈ اسی وقت ہی issue ہو جاتا ہے جب وہ انہیں register کرتے ہیں، یہ ایک automatic mechanism ہے اور automated system ہے جس کی وجہ سے card issue ہو جاتا ہے۔ جو شخص بھی اپنے آپ کو EOBI کے ساتھ رجسٹر کرواتا ہے اس کی registration automatically ہو جاتی ہے اور website پر بھی اسے reflect کر دیا جاتا ہے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی سینیٹر دنیش کمار صاحب۔

سینیٹر دنیش کمار: بہت شکریہ، جناب چیئرمین! منسٹر صاحب آپ کی توجہ چاہیے۔ آج جوابات کی ذمہ داری آپ کے ناتواں کندھوں پر ہے تو جوابات آپ کو ہی دینے ہیں۔ جواب میں EOBI کے حوالے سے کہا ہے کہ ایک کروڑ چودہ لاکھ اور آپ نے تصحیح کی ہے کہ موجودہ نمبر ایک کروڑ سولہ لاکھ ہیں۔ اب میرا سوال یہ ہے کہ یہ کس کمپنی سے insured ہیں اور ان کو insurance کا کیا benefit مل رہا ہے، کتنی coverage ہے اور یہ کن کن ہسپتالوں سے علاج کرواسکتے ہیں اور after death انہیں کیا کیا benefits ملیں گے؟

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی بیرسٹر صاحب۔

بیرسٹر عقیل ملک: شکریہ جناب۔ فاضل رکن کا بڑا pertinent question ہے لیکن کیونکہ یہ اضافی تفصیلات مانگ رہے ہیں، میں ان سے درخواست کروں گا کہ یہ اپنا سوال جمع کروا دیں، انہیں جو بھی تفصیلات درکار ہیں بمعہ company details اور کیا کیا benefits ملیں گے وہ سوال کے جواب میں آجائے گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ ضروری بھی ہے کیونکہ سینیٹر سید مسرور احسن صاحب نے بھی تفصیلات مانگی تھیں، اس لیے آپ اس کی تصحیح کرلیں اور نہیں ضرور تفصیلات دیں۔ جی سینیٹر شہادت اعوان صاحب۔

سینیٹر شہادت اعوان: جناب میری منسٹر صاحب سے یہ گزارش ہے کہ انہوں نے جو figures دیے ہیں کیا ان میں mines workers بھی شامل ہیں یا نہیں۔ چونکہ پاکستان میں سب سے زیادہ workers mines پر کام کرتے ہیں، EOBI انہیں رجسٹر کیوں نہیں کرتی؟ وہ شامل ہیں یا نہیں ہیں۔ دوسرا کیا یہ provincial subject نہیں ہے؟ اور اگر ہے تو بتائیں کہ صوبوں کے پاس کتنے لوگ رجسٹرڈ ہیں؟

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

بیرسٹر عقیل ملک: جس طرح فاضل رکن نے سوال کیا، بالکل mines بھی صوبوں کے پاس ہیں۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ جو بھی اپنے آپ کو رجسٹر کرواتا ہے اس کی automatic registration ہوتی ہے تو mines والوں کی ایک تو صوبوں کے پاس ہے اور اس میں تمام areas of employment ہیں وہ اس میں cover ہوتے ہیں۔ ابھی حال ہی میں وزیراعظم صاحب نے اس پر ایک کمیٹی بھی تشکیل دی ہے اور جس طرح بتایا گیا کہ ان کی پنشن میں 15% increase ہوئی ہے لیکن ساتھ ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ جو domestic workers یا جن workers کی classification or category اس میں نہیں آ رہی تھی تو ان سب کو رجسٹر کرنے کے لیے یہ کمیٹی کام کرے گی تو ان شاء اللہ اس تعداد میں اضافہ بھی ہو گا اور اگر کوئی اضافی تفصیلات درکار ہیں تو بالکل آپ نیا سوال ڈال دیں تو آپ کو اس کے مطابق جواب دے دیا جائے گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی اگلا سوال نمبر ۲۲، سینیٹر سید مسرور احسن صاحب۔

Question No. 22 Senator Syed Masroor Ahsan:Will the Minister for Overseas Pakistanis and Human Resource Development be pleased to state the details of buildings owned by EOBI, indicating also the number of buildings taken on rent by it at present in the country, along-with province wise breakup?

Chaudhry Salik Hussain: Employees' Old-Age Benefits Institution (EOBI) owns 49 buildings across Pakistan. Province & City wise list is attached as Annex-A.

| | | |
|---|---|---|
| 1. | Islamabad | 05-Building |
| 2. | Punjab | 24-Building |
| 3. | Sindh | 14-Building |
| 4. | KPK | 04-Building |
| 5. | Balochistan | 02-Building |

Further the detail of buildings taken on rent `by EOBI either as Regional Office or Field Office is attached as Annex-B.

Annex-A

**Employees' Old-Age Benefits Institution**

**Detail of Buildings owned by the Institution across Pakistan**

| | Title of Property | Province | City |
|---|---|---|---|
| 1 | Bungalow No. 25, Street No. I, Sector G - 6 / 3, Islamabad | ICT | Islamabad |
| 2 | Bungalow No. 7, Street No.79, Sector G- 6 / 4, Islamabad | ICT | Islamabad |
| 3 | 41, Markaz I-8, Islamabad | ICT | Islamabad |
| | 42, Markaz I-8, Islamabad | ICT | |
| | 38, Markaz I-8, Islamabad | ICT | |
| | 39, Markaz I-8, Islamabad | ICT | |
| | 17, Markaz I-8, Islamabad | ICT | |
| | 18, Markaz I-8, Islamabad | ICT | |
| 4 | EOBI House. Plot Nos. 32, 33 & 34, Sector G-10 / 4, Mauve Area Islamabad | ICT | Islamabad |
| 5 | Plot # 5-A, Sector F-7, Markaz Islamabad (Crown Plaza) Islamabad | ICT | Islamabad |
| 6 | Plot # 25, Tipu Block, New Garden Town, Lahore | Punjab | Lahore |
| 7 | Plot # 105-A, Allama Iqbal Road, Lahore. | Punjab | Lahore |
| 8 | Plot # N-123-R-45, G.T.Road, Shahdara, Lahore. | Punjab | Lahore |
| 9 | Bungalow # 57-L, Gulberg-III, Lahore. | Punjab | Lahore |
| 10 | Plot # B, Survey # 131/A-2,Near Ranger HQs, Lahore Cantt. | Punjab | Lahore |
| 11 | Plot # 66 Block Trade Centre, M.A. Joher Town Lahore. | Punjab | Lahore |
| 12 | Bungalow No.81-C, Satellite Town Rawalpindi | Punjab | Rawalpindi |
| 13 | EOBI Complex Gulistan Colony No.2, near Ayesha Masjid, Faisalabad. | Punjab | Faisalabad |
| 14 | Bungalow # 306B & 307 B.Ser no 430 Ward No XEX Gulgasht Colony Multan | Punjab | Multan |
| 15 | Bungalow Khasra No. 2111 /960, at Main Gill Road, Gujranwala. | Punjab | Gujranwala |
| 16 | Bungalow No.2 Al – Faisal Park Sultan Colony, Sargodha | Punjab | Sargodha |
| 17 | Bungalow No.3. Near Sadiq Town, Dubai Palace Road, Bahawalpur. | Punjab | Bahawalpur |
| 18 | Khasra No.2136 / 151, Village Adowal, Tehsil and District Gujrat. | Punjab | Gujrat |
| 19 | 563 / B – 2 / VII, New Civil Lines, Sahiwal | Punjab | Sahiwal |
| 20 | Khasra No.2639, G.T Road, Near Silver Spoon Restaurant, Hassan Abdal | Punjab | Hassan Abdal |
| 21 | 40 - A Bilal Town, Jehlum | Punjab | Jehlum |
| 22 | Office No.102-Y, Housing Colony, Sheikhupura. | Punjab | Sheikhupura |
| 23 | 588 Khurshidabad Jhung Road. Muzafargarh | Punjab | Muzafargarh |
| 24 | Plot # 183, Madina Supper Market Okara | Punjab | Okara |
| 25 | House # 33-A, Businessman Colony Rahim Yar Khan | Punjab | Rahim Yar Khan |
| 26 | House # 270-A, Khayaban-e-Sarwar Street/Road No: 25, Block "A" Area Development Sch., DG Khan | Punjab | DG Khan |
| 27 | Bungalow No.B III, 2S -129 Maina Pura, Muradia Road, Model Town, Sialkot. | Punjab | Sialkot |
| 28 | Plot No.59 A&B, Survey No.360 / 11 & Survey. No. 360 / 15, Sabir Kamal Road, Sialkot | Punjab | Sialkot |
| 29 | Faqir Plaza, Chatterjee Road, Near GC Lahore | Punjab | Lahore |
| 30 | Plot # 190-1-B, Block-2 PECHS Karachi | Sindh | Karachi |
| 31 | EOBI Guest House Bungalow No 29/1/F Phase-IV 4th Gizri Street DHA Karachi | Sindh | Karachi |
| 32 | Plot No.5 / 423, Sector "I" Darkshan Society Malir, Karachi. | Sindh | Karachi |
| 33 | Plot No.12, Row No.1, Block No. III- A, Nazimabad, Karachi. | Sindh | Karachi |
| 34 | Karimabad Region Bungalow No. C / 31, B1-4, Federal, B-Area Karachi. | Sindh | Karachi |
| 35 | Bungalow No.N-7, Block No.6, P.E.C.H.S., Karachi. | Sindh | Karachi |
| 36 | Plot.No.4 / 4 Sectors - 23. Korangi Industrial Area, Karachi | Sindh | Karachi |
| 37 | Office No.204, Progressive Plaza, Beaumont Road, Karachi. | Sindh | Karachi |
| 38 | EOBI House Shopping Mall, ST-1-A/1, Shahrah-e-Faisal, Karachi. | Sindh | Karachi |
| 39 | Office No. 203, 2nd Floor, Gul Tower, I.I. Cundrigar Road, Karachi | Sindh | Karachi |
| 40 | CS – 617 / 0 – 10, Rahoja Road, Sukkur. | Sindh | Sukkur |
| 41 | Regional Office Hyderabad 58 – A, G. O. R. Colony, Hyderabad | Sindh | Hyderabad |
| 42 | Plot No. P/2, SITE Area, Main National Highway, Kotri. | Sindh | Kotri |
| 43 | Flat No.105, First Floor, Nasim City Center, Badin. | Sindh | Badin |
| 44 | Bungalow No. 61, 100 Shami Road, Peshawar. | KPK | Peshawar |
| 45 | Bungalow No. 31 /B / 1, Phase- V, Hayatabad, Peshawar. | KPK | Peshawar |
| 46 | Field Office Air Port Road, Swat | KPK | Swat |
| 47 | A-204, Sheikh Maltoon, Mardan. | KPK | Mardan |
| 48 | C-51, Model Town, Quetta | Balochistan | Quetta |
| 49 | Plot No. BC-05-11A, BC-27-33(A) Sector "C" Lasbela Industrial Trading Estate Development Authority, Lasbela | Balochistan | Lasbela |

Annex-B

| LIST OF BUILDING TAKEN ON RENT BY EOBI FOR REGIONAL & FIELD OFFICES | | | |
|---|---|---|---|
| S. No. | Offices | Province | Address |
| 1 | RO Sukkur | Sindh | A-6, Professor Cooperative Society, Sukkur |
| 2 | RO Larkana | Sindh | Plot # 35 Near Bakhtawar Park, Sachal Colony Larkana |
| 3 | FO Badin | Sindh | Naseem City Centre, Opposite United Hotel, Badin |
| 4 | FO Dadu | Sindh | 37 Alnoor Colony, Main Road, Dadu |
| 5 | FO Ghotki | Sindh | Mathelo Chowk, Ghotki |
| 6 | FO Shikarpur | Sindh | House # CS/9/36, Shikarpur |
| 7 | FO Mirpurkhas | Sindh | 155 Mohalah Panhwar Colony, Mirpurkhas |
| 8 | FO Nawab Shah | Sindh | 02 Market Road, Nawab Shah |
| 9 | FO Thatta | Sindh | Ist Floor, Madni Building, Thatta |
| 10 | FO Tando Adam | Sindh | 460, Toor Colony, Tando Adam |
| 11 | RO Muzafar Gargh | Punjab | Al-Rehman Bldg, Near General Bus Stand M/Gargh |
| 12 | RO Manga Mandi | Punjab | Haji Park, Near Gujjar Plaza, Bypas Multan Road |
| 13 | RO Faisalabad Central | Punjab | 125/A Shaikh Colony, Jhang Road, Faisalabad |
| 14 | RO Faisalabad South | Punjab | 376/C, Amin Town, Faisalabad |
| 15 | RO Faisalabad North | Punjab | 8/B, Gulistan Colony # 2, Faisalabad |
| 16 | RO Chakwal | Punjab | Near Army Selection Office, Fazaya Street, Chakwal |
| 17 | FO Bhawalnagar | Punjab | 398 Main Road, Haroonabad |
| 18 | FO Bhalwal | Punjab | 532 Main Kanal Road, Ashraf Colony, Bhalwal |
| 19 | FO Jauharabad | Punjab | 52/B, New Satelite Town, Jauharabad |
| 20 | FO Jhang | Punjab | House # 5, Bhatti Street, Rana Colony, Jhang |
| 21 | FO Kasur | Punjab | 125/A, Garden View H/Society Firoz Pur Road |
| 22 | FO Khanewal | Punjab | 453, Chughtai Mohallah, Kabir Wala Road, Khanewal |
| 23 | FO Mandi Bahauddin | Punjab | Arain House, Phalia Road, Mandi Bahauddin |
| 24 | FO Mianwali | Punjab | 69, Officer Colony, Millat Road, Mianwali |
| 25 | FO Toba Tek Singh | Punjab | 38-A, Garden Town, Kanal Road, Toba Tek mSingh |
| 26 | FO Vehari | Punjab | 32-Sundar Village, Allama Iqbal Town, Vehari |
| 27 | FO Pind Aadan | Punjab | Kachairy Road, Mohalah Kot Kalan, Pind Dadan |
| 28 | RO Abbotabad | KPK | 428/B, Amir Awan Shaheed Road, Near Sui Gas Office, Quetta |
| 29 | FO Kohat | KPK | Banglow # 25, Sector 4, Phase-1, KDA, Kohat |
| 30 | FO Banu | KPK | Near Passport Office, Banu |
| 31 | FO D. I. Khan | KPK | Mohallah Faqirabad, Near Commerce College |
| 32 | FO Haripur | KPK | 155, aslam Khan Colony, G.T. Road, Haripur |
| 33 | FO Mansehra | KPK | Shahrah e Karakuram, Dob # 2, Mansehra |
| 34 | FO Nowshera | KPK | Flat # 3, Bypass Road, Near Baba Karam Shah Masjid |
| 35 | FO Gadon Amazai | KPK | Ist Floor, Ayub Manzil, Main Bazar, Topi |
| 36 | FO Chitral | KPK | Airport Road, Balach, Chitral |
| 37 | FO Skardu | Gilgit-Baltistan | Hamid Gargh The/Distt. Skardu |
| 38 | RO Quetta | Baluchistan | 29, Shahbaz Town, Phase-3, Quetta |
| 39 | FO Gwadar | Baluchistan | A/10, Phase 2, New Town, Gawadar |
| 40 | FO Dukki | Baluchistan | Plot @ 1, Haji Naik Muhammad Street, Dukki |

سینیٹر سید مسرور احسن: کیا وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز اور انسانی وسائل کی ترقی بیان فرمائیں گے کہ EOBI کی زیر ملکیت عمارتوں کی تفصیلات کیا ہیں، نیز ملک میں فی الوقت EOBI کی جانب سے کرائے پر لی گئی عمارتوں کی صوبہ وار تفصیلات بھی بتائی جائیں؟

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔ جی وزیر صاحب۔

**Presentation of the Report of Committee on Rules of Procedure and Privileges on the Privilege Motion against misconduct of Chief Operating Officer, Karachi Water and Sewerage Corporation (KWSC)**

Senator Syed Waqar Mehdi: I, Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges, present report of the Committee on the Privilege Motion moved by Senator Syed Masroor Ahsan against misconduct of Chief Operating Officer, Karachi Water and Sewerage Corporation (KWSC).

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی رپورٹ پیش کی جاتی ہے۔ جی Order No.11 وقار مہدی صاحب آپ پیش کریں۔

**Presentation of the Report of Committee on Rules of Procedure and Privileges on the Privilege Motion against the Deputy Secretary (Council), Ministry of Information Technology and Telecommunications for misleading the Standing Committee**

Senator Syed Waqar Mehdi: I, Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges, present report of the Committee on the Privilege Motion moved by the Chairperson and Members of the Standing Committee on Information Technology and Telecommunications against the Deputy Secretary (Council), Ministry of Information Technology and Telecommunications for misleading the Standing Committee.

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی رپورٹ پیش کی جاتی ہے۔ جی Order No.12 وقار مہدی صاحب آپ پیش کریں۔

**Presentation of the Report of Committee on Rules of Procedure and Privileges on the Privilege Motion against the irresponsible attitude of Secretary, Communications and Works, Government of Balochistan**

Senator Syed Waqar Mehdi: I, Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges, present report of the Committee on the Privilege Motion moved by Senator Mir Dostain Khan Domki against irresponsible attitude of Secretary, Communications and Works, Government of Balochistan.

جناب ڈپٹی چیئرمین: رپورٹ پیش کی جاتی ہے۔ جی Order No13 پیش کریں۔ جی سینیٹر سید مسرور احسن صاحب۔

**Presentation of the Annual Report of the Standing Committee on National Food Security and Research from [June, 2024 to May, 2025]**

Senator Syed Masroor Ahsan: I, Chairman, Standing Committee on National Food Security and Research, present Annual report of the Committee for the period June, 2024 to May, 2025.

جناب ڈپٹی چیئرمین: رپورٹ پیش کی جاتی ہے۔Order No.14 سینیٹر سید محسن رضا نقوی صاحب کی جگہ پر سینیٹر محمد طلال بدر صاحب آپ پیش کریں۔

**Consideration and Passage of [The Extradition (Amendment) Bill, 2025]**

Senator Muhammad Tallal Badar: I, on behalf of Senator Syed Mohsin Raza Naqvi, Minister for Interior and Narcotics Control, move that the Bill further to amend the Extradition Act, 1972 [The Extradition (Amendment) Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ Bill تو ویسے بھی کمیٹی سے ہو کر آیا ہے تو وہاں اس پر کوئی مخالفت نہیں ہوئی ہے۔ اب میں تحریک ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی سینیٹر سید علی ظفر صاحب۔

## Senator Syed Ali Zafar

سینیٹر سید علی ظفر: Extradition Act، جو ہم سب کو پتا ہے، معلوم ہے، وہ یہ ہوتا ہے کہ آپ کے کسی باشندے یعنی پاکستانی شہری کو کوئی دوسرا ملک request کرے اور اس request پر اس کو ان کی عدالتوں میں یا ان کی حکومت کے پاس بھیج دیا جائے۔ میں نے باقی دنیا کے سارے ممالک کے قانون دیکھے ہیں۔ اس میں دیکھا ہے کہ وہ اپنے citizen کو بہت protect کرتے ہیں، اس کی بڑی حفاظت کرتے ہیں اور وہ ایک بہت strict procedure ہوتا ہے۔ ان کی حکومت کے top level تک جاکے فیصلہ ہوتا ہے۔ پھر وہ کہتے ہیں کہ ٹھیک ہے، ہم اپنے شہری کو کسی اور ملک میں بھیجنے کو تیار ہیں اور وہ بھی عدالت کی کارروائی کے نیچے۔ تو میرا سوال یہ ہے، اس سے پہلے کہ ہم یہ قانون پاس کریں، کہ ہم آسانی کیوں پیدا کر رہے ہیں؟ کیونکہ اس میں لکھا ہے کہ ایک پاکستانی شہری کو اگر کوئی دوسرا ملک بلاتا ہے یا منگواتا ہے تو اس کی extradition ہم آسان کرنا چاہتے ہیں تاکہ جلدی ہو جائے۔ تو یہ جو object ہے، جو مقصد ہے لکھا ہوا وہ مجھے سمجھ نہیں آیا، ہمارا تو مقصد یہ ہونا چاہیے کہ اپنے پاکستانی شہری کو protect کریں چاہے باہر کے ممالک میں اس کے خلاف جو بھی الزام ہو اور پوری طرح چھان بین کر کے فیصلہ کریں، top level پر کابینہ کے level پر کہ ہم نے بھیجنا ہے کہ نہیں۔ تو اس قانون میں جو objective declare کیے گئے ہیں اور جو لکھا گیا ہے مجھے اس میں ایک تصادم نظر آرہا ہے۔ یہاں یہ کہہ رہے ہیں کہ جو ایک Joint Secretary Sahib ہیں وہ فیصلہ کر دیں گے تو آپ ایک آدمی کو باہر بھیج دیں گے، تو یہ ایک clarification کریں کیونکہ یہ بڑا serious matter ہے۔ ہمیں اس کو، اس طرح deal نہیں کرنا چاہیے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

## Senator Azam Nazeer Tarar

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: سینیٹر سید علی ظفر نے explanation کا موقع دے دیا۔ ہمارا جو The Extradition Act ہے وہ 1972 سے رائج الوقت ہے اور اس میں بہت سے safety valves ہیں۔ میں ایک وضاحت کرتا چلوں کہ Extradition Act صرف

ہمارے شہریوں پر نہیں ہے یہ دو طرفہ ہوتا ہے۔ کئی مرتبہ کوئی بندہ for example a citizen of any European country وہ crime commit کرکے یہاں پر آجاتا ہے یا یہاں پر وہ crime commit کرتا ہے تو وہ کہتے ہیں آپ اسے ہمارے حوالے کر دیں ہم اسے extradite, so it is always reciprocate, دو طرفہ ہوتا ہے۔ دوسرے ممالک بھی اپنے شہری جو ہمارے پاس موجود ہیں انہیں مانگتے ہیں یا ہمارا شہری وہاں پر crime commit کرکے آیا ہے کئی مرتبہ dual nationals بھی ہوتے ہیں۔ جناب! یہ ایک لمبا process ہے، اس میں سب سے پہلے request آتی ہے اور request کے لیے شرط ہے کہ دونوں ممالک کی extradition treaty ہونی چاہیے۔ جب extradition treaty نہیں ہوتی تو ہم اسے entertain نہیں کرتے۔ اس کا one-time mutual legal assistance کا mechanism ہے، mutual legal assistance کے ذریعے ہم وہ request entertain کرتے ہیں اور اس میں بہت کم scope ہوتا ہے، بہت کم ان لوگوں کو دیا جاتا ہے جن ممالک کے ساتھ extradition treaty نہیں ہے۔

جب دوسرے ممالک کے ساتھ extradition treaty کی جاتی ہے تو اس کے چار fundamentals ہیں۔ Fundamental No. 1 یہ ہے کہ دونوں ممالک ظاہر ہے جب agreement کر رہے ہیں تو agree کرتے ہیں کہ ہم ایک دوسرے کی request کو seriously consider کریں گے، دوسرا principal is double criminality، وہ یہ ہے کہ وہ offense جو وہ کرکے آ رہا ہے وہ اس ملک میں بھی جرم ہے اور ہمارے ملک میں بھی جرم ہے، تیسرا principle is equality of punishment یعنی کہ جو سزا ہمارے پاس ہے وہی سزا ان کے پاس ہے اور چوتھا basic principle جو ہے وہ fair trial کا ہے کہ وہ بھی ہونا چاہیے کہ وہاں کا جو عدالتی نظام ہے آپ کی حکومت اور دوسری حکومت دو طرفہ عدالتی نظاموں کو سمجھتی ہے کہ وہ independent ہے لوگوں کو انصاف ملے گا۔ یہ نہیں ہے کہ آپ extradite کر دیں اور وہاں پر وہ summarily اس کو سزا کرکے اس کا سر اتار دیں یا ہاتھ کاٹ دے، یہ نہیں ہوتا۔

اب رہی یہ بات کہ یہ amendment کیوں کی جارہی ہے۔ اس کے پاکستان کے اندر بھی پانچ process ہیں، سب سے پہلے extradition request جب آتی ہے تو Ministry of Foreign Affairs, Ministry of Interior کو on-board کرتی ہے اور پھر اس process کو شروع کیا جاتا ہے۔ process شروع کرنے کے لیے کہ یہ خط لکھنا ہے فلاں حافظ آباد یا پھالیہ یا گھوٹکی یا کہیں پر کہ وہاں کی پولیس سے report لینی ہے تو پہلے Cabinet سے اجازت آتی تھی کہ process شروع ہونے لگا ہے جو صرف Secretarial level پر ہے۔ ہم نے کہا ہے کہ محکمے کا Secretary جو grade 22 کا officer ہے اور حکومت کا نمائندہ ہے Interior Division کا وہ Secretary of Division concerned اس process کو جو ابھی clerical stage پر ہے اس کو شروع کرنے کے لیے اجازت دے سکتا ہے کہ آپ شروع کریں۔ جب وہ file تیار ہو جاتی ہے تو اس میں لکھا جاتا ہے، مثال کے طور پر کہ جی Norway سے یہ request آئی ہے اور یہ الزام ہے، ہمارے record کے مطابق یہ ریکارڈ یافتہ ہے یا نہیں ہے، اس کے خلاف اور بھی پرچے ہیں یا نہیں ہیں، اس مقدمے کے بارے میں اس کا موقف ہے، اس کے whereabouts کا پتا ہے یا نہیں۔ وہ report جب آتی ہے محکمے کے پاس تو پھر وفاقی کابینہ کے سامنے place کیا جاتا ہے، وہ اس case کو open کرنے کی یعنی کہ process کرنے کی اجازت دیتی ہے۔ Magisterial inquiry ہوتی ہے جو کہ ہم عام طور پر senior لوگوں سے ADCG level پر کرواتے ہیں۔ اس magisterial inquiry کے بعد process ہوتا ہے پھر اس بندے کو notice ہوتا ہے اور پھر اس کے پاس اختیار ہے کہ under the Act عدالت سے رجوع کرتا ہے، پھر اس کی ایک appeal کا mechanism ہے and finally Federal Government decides کرتی ہے کہ ہم نے دینا ہے یا نہیں تو یہ بہت لمبا process ہے۔ آسانی صرف یہ کی ہے کہ اگر mechanical process یا official process شروع کرنے کے لیے بھی کابینہ کی meeting, میں آپ کو بتا نہیں سکتا کہ کابینہ کے سامنے Mustafa Impex کے بعد کون کون سی چیزیں آتی ہیں

Federal Government used to be considered the division concern.

میں ایک مثال دیتا ہوں، نوکریاں ہیں، آپ نے کسی کو employ کرنا ہے، اخبار میں اشتہار دینے کی اجازت بھی Federal Government کے پاس ہے۔ اب وہ جب کابینہ کے سامنے آتا ہے کہ اخبار میں اشتہار دینا ہے تو آپ اجازت دیں تو کابینہ کہتی ہے کہ جی ہم اس کام کے لیے تو نہیں بیٹھے کہ سارا دن یہ کرتے رہیں۔ تو یہ چھوٹی چھوٹی آسانیاں ہیں، یہ اس کا background ہے۔ آپ نے اچھا کیا Extradition Law کے بارے میں ساری قوم کو آگاہی ہو گئی۔ Rest assured that we are very careful اور یہ دو طرفہ ہوتی ہے، ہمیں وہاں سے بھی اپنے لوگ لانا پڑتے ہیں، یہاں سے بھیجنا بھی پڑتے ہیں، کئی مرتبہ ان ممالک کے لوگ بھی آتے ہیں اور complete safety valves ہیں، قانون میں کسی قسم کا سقم نہیں ہے، بہت شکریہ جناب چیئرمین۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ویسے یہ کمیٹی سے ہو کر آیا ہے، اس پر مزید میرے خیال میں۔

سینیٹر سید علی ظفر: بہت شکریہ، لیکن میرا خیال ہے جو لاء منسٹر صاحب نے کہا ہے میرا concern یہ تھا کہ جو final authority ہے وہ کابینہ ہی ہونی چاہیے انہوں نے وہ confirm کر لیا ہے کہ وہ کابینہ ہی رہے گی۔ یہ صرف ایک procedural کام ہے، تو اس لحاظ سے مجھے کوئی objection نہیں ہے، لیکن میرا خیال ہے کہ میری concern جو تھی وہ ایک جائز concern تھی، جو میں نے ایوان کے سامنے پیش کی ہے، شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اب میں تحریک ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

(تحریک متفقہ طور پر منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ متفقہ ہے، تحریک متفقہ طور پر منظور کی جاتی ہے۔ بل کی دوسری خواندگی۔ شق ۲ میں کوئی ترمیم نہیں ہے، لہٰذا میں یہ شق ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔ سوال یہ ہے کہ شق ۲ کو بل کا حصہ بنایا جائے۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: شق ۲ میں کوئی اختلاف نہیں ہے تو اس کو بل کا حصہ بنایا جاتا ہے۔
اب ہم شق 1، بل کا ابتدائیہ اور عنوان لیتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ شق 1، ابتدائیہ اور عنوان بل کا حصہ بنایا جائے۔

(تحریک متفقہ طور پر منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: شق ایک، ابتدائیہ اور عنوان متفقہ طور پر بل کا حصہ بنایا جاتا ہے۔
آرڈر نمبر 15، سینیٹر سید محسن رضا نقوی صاحب کے behalf پر، جی طلال چوہدری صاحب۔

Senator Muhammad Tallal Badar: I rise to move that the Bill further to amend the Extradition Act, 1972 [The Extradition (Amendment) Bill, 2025], be passed.

جناب ڈپٹی چیئرمین: اب میں تحریک ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

(تحریک متفقہ طور پر منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: مخالفت نہیں ہے، تحریک کو متفقہ طور پر منظور کیا جاتا ہے اور بل بھی منظور کیا جاتا ہے۔ آرڈر نمبر 16، سینیٹر طلال چوہدری صاحب۔

## **Consideration and Passage of [The Pakistan Citizenship (Amendment) Bill, 2025]**

Senator Muhammad Tallal Badar: I rise to move that the Bill further to amend the Pakistan Citizenship Act, 1951 [The Pakistan Citizenship (Amendment) Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ کمیٹی سے منظور ہوا ہے، کیا پھر بھی کہیں سے اس کی مخالفت ہے؟

سینیٹر سید علی ظفر: جو Citizenship Act ہے، اس کا جو مقصد ہے وہ شاید یہ ہے کہ اگر کوئی اپنی dual citizenship نہیں رکھ سکا اور اسے Pakistani citizenship دینی پڑی، اس کے بعد اگر کل کو dual citizenship allow ہو گئی جس ملک کی citizenship لی ہے تو Pakistani citizenship اس کو واپس مل سکتی ہے، اس کا مقصد یہ ہے۔ لیکن جو زبان استعمال کی گئی ہے sub-section (3) amendment کی، اس سے تو یہ ظاہر نہیں ہوتا۔ اس سے تو یہ ظاہر ہوتا ہے کہ جب بھی کوئی چاہے وہ پاکستان کی citizenship واپس لے سکتا ہے۔ حالانکہ ہونا یہ چاہیے کہ Pakistani citizenship صرف تب واپس کی جا سکتی ہے اگر دوسرا ملک dual citizenship allow کر رہا ہے۔ اس کے بغیر یک طرفہ citizenship نہیں دی جا سکتی۔ تو مجھے clarification اس sub-section کی زبان میں نظر نہیں آ رہی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی سینیٹر اعظم نذیر تارڑ صاحب، جواب دیں گے۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: میں کوشش کرتا ہوں مثالوں کے ذریعے سے واضح کر دوں۔ مثال نمبر ایک یہ ہے کہ اس ترمیم کے ذریعے یہ اجازت دی جا رہی ہے کہ اگر کوئی شخص پاکستانی شہریت چھوڑتا ہے تو کیا اسے دوبارہ شہریت حاصل کرنے کا اختیار ہونا چاہیے یا نہیں؟ یہ قانون اجازت دیتا ہے کہ ہاں! ہونا چاہیے۔ اس کی ایک شرط یہ ہے کہ میں ایک ایسے ملک میں جا کر آباد ہو گیا جہاں پر دوہری شہریت کی اجازت نہیں ہے اور جب پانچ سال، دس سال بعد وقت آیا تو میں نے وہاں کی شہریت حاصل کرنے کے لیے یہاں کی شہریت چھوڑ دی، بعد میں دونوں ملکوں کا agreement ہوا، پاکستان اور اس ملک میں دوہری شہریت کی اجازت حاصل ہو گئی کیونکہ Commonwealth میں بہت سارے ممالک یہ ہے۔ اس میں پہلے مشکل پیش آتی تھی، ایک تو یہ مسئلہ طے ہو گیا۔ دوسری چیز یہ ہے کہ کئی مرتبہ لوگ جاتے ہیں تو ان لوگوں کو وطن کی یاد ستاتی ہے اور وہ یک طرفہ ہے، اس ملک نے ابھی تک دوہری شہریت کی اجازت نہیں دی لیکن دل ہے، وطن کی محبت ہے، مٹی کی خوشبو آپ کو واپس کھینچ لاتی ہے، اس لیے اپنے گھر کے دروازے بند نہیں

ہونے چاہییں، اپنا گھر پھر اپنا گھر ہے، اپنے گھر جانا تو ہے۔ اس لیے پاکستانیوں کو یہ اجازت رہنی چاہیے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی علی ظفر صاحب۔

سینیٹر سید علی ظفر: جناب چیئرمین! جو آپ کہہ رہے ہیں، یہ اس میں reflect ہونا چاہیے جو کہ نظر نہیں آرہا۔ ہمارے لحاظ سے بالکل درست ہے کہ ایک پاکستانی کو دوبارہ پاکستان کی citizenship دینی چاہیے لیکن یہاں اس میں کوئی ایسی زبان استعمال کر لیتے تاکہ یہ چیز clear ہو جاتی، یہاں تو simple لکھا ہوا ہے۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! جب ہم قوانین بناتے ہیں تو these are for posterity for a longer time, میں نے یہ دو مثالیں دیں، تیسری کوئی اور situation پیدا ہو سکتی ہے، اس لیے اسے ہمیشہ open ended رکھتے ہیں، اس لیے جو use کیا گیا ہے کہ 'any person who has renounced citizenship of Pakistan under sub section (1) may resume citizenship of Pakistan by making a declaration in the prescribed manner and upon making such a declaration' وہ اس کو مل جائے گی۔ اس لیے اسے open رکھا ہے۔ شکریہ۔

(اس موقع پر ایوان میں جمعہ کی اذان سنائی دی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: اب میں تحریک ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: تحریک متفقہ منظور کی گئی۔ Bill کی second reading. Clause 2 میں کوئی ترمیم نہیں ہے۔ لہٰذا میں یہ Clause ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔ سوال یہ ہے کہ Clause 2 کو Bill کا حصہ بنایا جائے؟

(تحریک منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: Clause 2 کو متفقہ طور پر pass کیا جاتا ہے اور Bill کا حصہ بنایا جاتا ہے۔ اب ہم شق نمبر۱، Bill کا ابتدائیہ اور عنوان لیتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ شق نمبر۱، Bill کا ابتدائیہ اور عنوان Bill کا حصہ بنایا جائے؟

(تحریک منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: شق نمبر۱، Bill کا ابتدائیہ اور عنوان کو Bill کا حصہ بنایا جاتا ہے۔ Order No. 17, طلال چوہدری صاحب! آپ Order No. 17 پیش کریں۔

Senator Muhammad Tallal Badar (Minister of State for Law): Sir, I move that the Bill further to amend the Pakistan Citizenship Act, 1951 [The Pakistan Citizenship (Amendment) Bill, 2025], be passed.

جناب ڈپٹی چیئرمین: اب میں تحریک کو ایوان کے سامنے رکھتا ہوں۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: تحریک منظور کی گئی اور Bill متفقہ طور پر منظور کیا جاتا ہے۔ Order No. 18, سینیٹر طلال چوہدری صاحب۔

**Consideration and passage of The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2025**

Senator Muhammad Tallal Badar (Minister of State for Law): Sir, I move that the Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 and the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ تو ویسے ہی کمیٹی سے متفقہ طور پر آیا ہوا ہے۔ جی سینیٹر ظفر صاحب۔

**Senator Syed Ali Zafar**

سینیٹر سید علی ظفر: جناب والا! یہ assault or criminal force to woman and stripping of her cloths, یہ بہت heinous offence ہے، اس کے لیے death punishment کی گئی تھی، ہم oppose کرتے ہیں کہ اسے death ہی رہنا چاہیے، life نہیں ہونا چاہیے۔ دوسرے والا life ہو جائے وہ الگ ہے کیونکہ یہ اتنا serious offence ہے، covenant بھی آپ کو یہ کہتا ہے کہ اگر serious offences ہیں تو آپ اسے رکھیں۔ کمیٹی نے وجوہات نہیں دیں کہ وہ کیوں سمجھتے ہیں کہ یہ کمزور offence ہے، یہ میری نظر میں بہت serious offence ہے۔ اس کو پہلے قومی اسمبلی اور سینیٹ نے consider کرکے pass کیا تھا اور جو death penalty لگائی گئی تھی، اسے رکھنا چاہیے، harbouring hijackers کو بے شک life میں کر دیں لیکن اس پر میری درخواست ہو گی کہ یہ اتنا serious issue ہے اور یہ ایسے ہی ہے کہ جس طرح آپ کسی کو قتل کر دیں۔

سینیٹر محمد عبدالقادر: یہ پاکستان کی requirement کے مطابق کر رہے ہیں لیکن دہشت گردوں کے بارے میں بھی clarify کر دیں کیونکہ پاکستان میں دن رات دہشت گردی کے واقعات ہو رہے ہیں، particularly بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں ہو رہے ہیں۔ ہم چونکہ انہیں سزائے موت نہیں دے پا رہے ہیں یا انہیں سزائیں نہیں مل رہی ہیں جس کی وجہ سے یہ بڑھ رہے ہیں اس کو تو آپ change نہیں کر رہے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر ثمینہ ممتاز صاحبہ۔

**Senator Samina Mumtaz Zehri**

Senator Samina Mumtaz Zehri: Sir, it's a wonderful that the Ministry of Law is doing work on these subjects unfortunately

ہم قانون کو تو تھوڑا stringent کریں کیونکہ آج کل جو واقعات ہو رہے ہیں، جتنی deaths ہو رہی ہیں، stripping of some woman's cloths, اس میں leniency آ جائے۔ اب ہر طرح کے قتل ہو رہے ہیں، rapes ہو رہے ہیں، conviction rates zero ہے، ہماری عدالتیں سختی نہیں کر رہی ہیں۔ وہاں آپ کی prosecution weak ہے، وہاں ہم کوئی کام نہیں کر رہے ہیں جہاں ہمیں کام کرنا چاہیے because we have to please international wardens or money trade whatever, ہم اس کی وجہ سے اپنی سزاؤں کو بھی کم کریں گے تو پھر ہر کوئی سب کچھ کر جائے گا۔ اتنی سزائیں ہونے کے باوجود سب کچھ ہو رہا ہے، آپ اسے بھی کم کریں گے۔ I think we need to work on the prosecution before we do anything else because police والوں سے جو loopholes رہ جاتے ہیں۔ آپ police reforms پر کام کروائیں، آپ judiciary پر کام کروائیں because this is more important, I don't think this is going to help the country or our people. We talked about women empowerment, at the same time, we are making them weaker, ویسے بھی ایک عورت کو جا کر اپنی complaint file کرنے میں اتنا وقت اور مسائل ہوتے ہیں۔ ہماری society کی جو taboo ہے وہ ہی ہمیں آگے نہیں بڑھنے دیتی۔ اس کے باوجود اگر آپ یہاں دوپٹہ نہ پہنیں تو آپ کو کہتے ہیں کہ vulgar ہے۔ یہ جا کر کسی کے کپڑے strip کر دیں، آپ لوگوں کو تو اور زیادہ سختی کرنی چاہیے۔ as this is an Islamic state. Sir! I am sorry but this is not right

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

**<u>Senator Azam Nazeer Tarar</u>**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ (وزیر برائے قانون و انصاف): جناب کی اجازت سے میں اپنی بہن محترمہ مزاری صاحبہ سے شروع کروں گا، زہری صاحبہ سے۔ میں صرف یہ عرض کر دوں کہ کوئی بھی قانون جو ہے اس پر عمل۔۔۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جواب سنیں نا۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: میں زہری کہہ رہا ہوں۔ ثمینہ ! آپ ہماری بہن بھی ہیں اور میری Human Rights Committee کی چیئرپرسن بھی ہیں۔ میرا تو خیال تھا کہ بطور Chairperson of Standing Committee for Human Rights آپ زیادہ support دیں گی۔ میں عرض کرتا ہوں کہ سب سے پہلے جو آپ نے بات کی ہے میں وہاں سے شروع کرتا ہوں پھر میں علی ظفر صاحب اور سینیٹر قادر صاحب کے سوال کا جواب very quickly دوں گا۔

جناب! یہ ہم نے کہاں سے سوچ لیا ہے کہ جو سزا کی سنگینی ہے، وہ جرم کو روکتی ہے۔ پورے یورپ میں سزائے موت نہیں ہے لیکن اُن کا crime rate 2 percent ہے۔ اُن کی جیلیں خالی ہو گئی ہیں اور ان جیلوں کو انہوں نے museums میں convert کر دیا ہے۔ ہمارے ہاں اسی، نوے یا سو جرائم میں سزائے موت ہے اور crime rate آسمان سے باتیں کر رہا ہے۔ جناب! یہ myth ہی غلط ہے۔ سزائے موت پیش کرنے سے کرائم نیچے نہیں آئے گا۔

It's not the severity of the punishment which is a deterrent. It is the certainty that yes, if I commit a wrong then I will be punished.

یہ ضروری ہے اور اس کے لیے ہم نے system ٹھیک کرنا ہے۔ کیوں آپ لوگوں کو دھکیل دھکیل کر gallows میں بھیجتے ہیں۔ آٹھ آٹھ سال اور دس دس سال مقدموں کے فیصلے نہیں ہوتے۔ سارے میری بات سن لیں، میں بطور وکیل اکتیس سال فوجداری وکالت کر کے آیا ہوں۔ جناب! تھانوں میں 354a لگوانے کا rate ہے اور SHO دس لاکھ روپیہ مانگتا ہے۔ جب دو مخالف گروہوں کی پانی کاٹنے پر لڑائی ہوتی ہے تو عورت کو شامل کیا جاتا ہے، اُس کا استحصال کیا جاتا ہے کہ جی یہ دیکھیں اس کے کپڑے پھٹے ہوئے ہیں۔ Story بنا کر لے جاتے ہیں اور جا کر کٹہرے میں کھڑا کر

دیتے ہیں کیونکہ اس کی سزائے موت ہے اور ضمانت نہیں ہو گی۔ اس کی ground realities بھی تو دیکھیں نا کہ ہمارے ہاں کیا ہیں۔

(مداخلت)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: میری بات تو سن لیں بہن۔ سنیں تو سہی۔ اچھا میں بیٹھ جاتا ہوں آپ بات کر لیں۔ آپ میرے ساتھ الگ سے بیٹھیں۔ میں صرف یہ عرض کر رہا ہوں کہ 1982 میں جنرل ضیاء الحق کے دور میں South Punjab میں ایک واقعہ ہوا۔ ان کا امیر المومنین کا جو طریقہ تھا تو انہوں نے کہا کہ جی ٹھیک ہے۔ اس میں سات سال سزا ہوا کرتی تھی اور 1982 سے پہلے آپ سارے یاد کریں کہ شاید ہی اس کا کسی مہینے یا سال میں ایک سے زیادہ پرچہ ہوتا ہو۔ ایک برا وقوعہ ہوا اور اس میں واقعی وڈیروں نے خاتون نے کپڑے پھاڑے اور اُس کو گدھے پر بٹھایا یا جو بھی کیا، وہ ہو گیا۔

جناب! اس کے بعد line لگی اور جیسا علی ظفر صاحب نے کہا ہے کہ یہ قانون unfortunately قومی اسمبلی یا سینیٹ نے پاس نہیں کیا بلکہ اس کو Martial Law Administrator نے اس میں شامل کیا تھا اور مجھے EU کے کسی بندے نے نہیں کہا بلکہ یہ میری اپنی آپ تمام سے ہاتھ باندھ کر استدعا ہے کہ تھانوں میں یہ chapter بند کروائیں۔ جناب، عمر قید بہت بڑی سزا ہے۔ پچیس سال بہت بڑی سزا ہے۔ کیا آپ کو ground realities کا نہیں پتا کہ ہمارے تھانوں میں کیا ہوتا ہے۔ ہماری نچلی عدالتوں میں کیا ہوتا ہے۔ لوگوں پر کیا گزارتی ہے۔ دو خاندانوں کا پانی پر، مکان کے قبضے پر یا کرایہ داری میں گھر خالی کروانے کے جھگڑوں پر یہ پرچہ ہوتا ہے اور اس کا پانچ لاکھ rate ہے۔ اس میں سزائے موت ہے۔

تو ہم یہاں پر کیوں بیٹھے ہیں۔ ہمارا فرض نہیں ہے کہ ہم لوگوں کے لیے آسانیاں پیدا کریں۔ میں یہ تو نہیں کہہ رہا کہ بری کر دو۔ بھائی، جہاں پر genuine case ہے وہاں پر کٹہرے میں کھڑا کرو۔ عمر قید پچیس سال ہے اور میں پھر عرض کروں گا کہ میں تو on the floor of the House کہہ رہا ہوں کہ شریعت میں دی گئی چار سزاؤں کے علاوہ سزائے موت نہیں ہونی

چاہیے۔ جن ملکوں میں نہیں ہے وہاں پر جرائم کی شرح دیکھیں اور ہم جو سوا سو جرائم میں سزا لے کر بیٹھے ہیں تو اپنی شرح دیکھ لیں۔ تو اس لیے logic کی بات ہے اور بڑی سوچ بچار کے بعد ایسا کیا ہے۔ کمیٹی نے بھی اسے متفقہ طور پر پاس کیا ہے۔ یہ ساری باتیں وہاں پر ہوئیں تھیں۔

اس House سے میری استدعا ہو گی کہ یہ دو ایسے heads ہیں جس میں ہمیں کرنا چاہئے اور ہمیں یہ Martial Law دور کا ایک بھیانک تحفہ جس کی وجہ سے ان مقدمات کے نمبر بڑھے اور ہر مقدمے میں ملزم ultimately بری ہو جاتا ہے لیکن سزا سنگین ہونے کی وجہ سے بے گناہ آدمی جیلوں میں رہتے ہیں، ہمیں اُن کی بد دعاؤں سے بچنا چاہیے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اصولاً یہ کمیٹی سے پاس ہو چکا ہے اور اس پر مفصل بات بھی ہو چکی ہے پھر بھی میں نے اخلاقاً آپ لوگوں کو سوالات کرنے کی اجازت دی۔ اس سے پہلے کہ میں اس کو ایوان کے سامنے پیش کروں، جناب الیاس کمبوہ کی سربراہی میں بلوچستان سے آئے ہوئے صحافیوں کے گروپ کو جو کہ مہمانوں کی gallery میں بیٹھے ہیں، ان کو ہم ایوان میں خوش آمدید کہتے ہیں۔

(اس موقع پر ایوان میں ڈیسک بجائے گئے)

جناب ڈپٹی چیئرمین: اب میں تحریک ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

(مداخلت)

**Senator Samina Mumtaz Zehri**

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری: جو innocent لوگ ہیں ان کو یہ freedom ملنی چاہیے کہ انہیں سزائے موت نہ ہو لیکن جناب یہی بات میں نے آپ کو کہی کہ جو بے چارے لوگ blasphemy میں پکڑے جاتے ہیں، جو actual innocent ہیں ان کو آپ لوگ سزائیں دے دیتے ہیں اور اس پر کام نہیں ہو رہا۔ آپ اس پر تو کام کریں۔ I agree کہ innocents کو سزائے موت نہ دیں۔ آپ کی جیلیں اس لیے بھری ہوئی ہیں کہ جس پولیس والے کو بھتا نہیں ملتا وہ کسی بڑے جرم میں اُس کو اندر کر دیتا ہے۔ جناب اس پر کام کریں نا۔ Courts پر کام کریں۔ پہلے اُس پر شروع کریں پھر سزائیں کم کریں۔ میرا یہ کہنے کا مقصد تھا۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی شکریہ۔ اب میں تحریک ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: تحریک متفقہ طور پر منظور کی جاتی ہے۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: مجھے آپ کے جذبات کی قدر ہے تو اس کو متفقہ طور پر نہیں کرتے۔ اس تحریک کو منظور کیا جاتا ہے۔ بل کی دوسری خواندگی۔ شقات ۲ تا ۴۔ ہم بل کی دوسری خواندگی کریں گے یعنی بل کا شق وار زیر غور لانا۔ شقات ۲ تا ۴ میں کوئی ترمیم نہیں ہے، لہٰذا میں یہ شقات ایوان کے سامنے ایک سوال کے طور پر پیش کرتا ہوں۔ سوال یہ ہے کہ کیا شقات ۲ تا ۴ کو بل کا حصہ بنایا جائے؟

(تحریک منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: شقات ۲ تا ۴ کو بل کا حصہ بنایا جاتا ہے۔ شق 1، بل کا ابتدائیہ اور عنوان۔ اب ہم شق 1 ، بل کا ابتدائیہ اور عنوان لیتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ کیا شق 1، ابتدائیہ اور عنوان بل کا حصہ بنایا جائے؟

(تحریک منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: شق 1، ابتدائیہ اور عنوان کو متفقہ طور پر بل کا حصہ بنایا جاتا ہے۔ آرڈر نمبر 19۔ جی طلال چوہدری صاحب! آرڈر نمبر 19 پیش کریں۔

Senator Muhammad Tallal Badar: I on behalf of Senator Syed Mohsin Raza Naqvi, Minister for Interior and Narcotics Control, move that the Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 and the Code of

Criminal Procedure, 1898 [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2025], be passed.

جناب ڈپٹی چیئرمین: اب میں تحریک ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: تحریک منظور کی جاتی ہے اور بل منظور کیا جاتا ہے۔ آرڈر نمبر 20۔ ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی کے behalf پر محترمہ وجیہہ قمر صاحبہ آرڈر نمبر 20 پیش کریں۔

**Consideration and Passage of [The Federal Board of Intermediate and Secondary Education (Amendment) Bill, 2025]**

Ms. Wajiha Qamar: I, on behalf of Dr. Khalid Maqbool Siddiqui, Minister for Federal Education and Professional Training, move that the Bill further to amend the Federal Board of Intermediate and Secondary Education Act, 1975 [The Federal Board of Intermediate and Secondary Education (Amendment) Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

*(Interruption)*

Mr. Deputy Chairman: No cross talking. Please order in the House.

اس کی کوئی مخالفت ہے؟ جی علی ظفر صاحب۔

سینیٹر سید علی ظفر: اس کے پیچھے آپ کا کیا object ہے۔ جو آپ کا مقصد ہے، وہ بتا دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی پلیز بتائیں۔

محترمہ وجیہہ قمر: یہ کمیٹی سے پیش ہوا ہے اور unanimously سب نے اس پر agree کیا ہے۔ اُس کے بعد یہ یہاں پر آیا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی اعظم صاحب پلیز۔

**Senator Azam Nazeer Tarar**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: کیونکہ ہم House of the Federation میں بیٹھے ہیں۔ ایک تو وہی بات ہے کہ جو Federal Government کا ہم نے workload کم کرنے کے لیے یہ کوشش کی کہ Ministries کو اور جن کے Ministers نہیں ہیں وہ Prime Minister کو یا جو وفاقی entities ہیں وہ Prime Minister Office دیکھ لیا کرے، تو کچھ file work ہے جو Federal Government سے ہٹاکے Prime Minister جو کہ حکومت کے سربراہ ہیں، ان کو divert کیا گیا۔

جناب! Federal Board کی اس scheme میں دوسرے صوبوں کی نمائندگی نہیں تھی۔ صوبوں کو نمائندگی دی گئی ہے جو کہ long-awaited مطالبہ تھا۔ ایک دو اور اس میں technical چیزیں ہیں جو کہ روز مرہ کے معاملات ہیں۔ کہتے ہیں کہ قانون stagnant نہیں ہے اس میں کچھ نہ کچھ problems آتی ہیں تو محکمے نے پچھلے دس بارہ سال کا جو experience تھا اس کو سامنے رکھتے ہوئے یہ amendments propose کیں اور یہ ترامیم Standing Committee کو بھیجی گئی ہیں۔ کمیٹی میں ایک دو ترامیم پر اتفاق رائے نہ ہو سکا، وہ نکال دی گئیں، باقی جو clear کی گئیں، متفقہ طور پر آپ کے سامنے لائی ہیں۔

Mainly وہ جو workload کم کرنے کے لیے کابینہ سے کچھ چیزیں Prime Minister's Office کو دی گئی ہیں۔ دوسرا صوبوں کی نمائندگی اس میں شامل کی گئی ہے اور میرے خیال میں ایک آدھی جگہ پر جو second term کا لفظ ہے اس کو renewable کہا گیا ہے۔ کیونکہ اس میں سب کا یہ خیال تھا کہ بعض اوقات appointment کے processes میں کچھ عرصہ کے بعد پھر وہی candidate بہتر candidate نظر میں آتا ہے یہ محکمے کے لیے ہونا چاہیے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔

**Senator Syed Ali Zafar**

سینیٹر سید علی ظفر: ایوان کو آگاہ کرنے کے لیے کہ اس کے جو objects بنائے گئے وہ یہ تھا کہ ہم نے بورڈ کو international دنیاکے ساتھ Intermediate Education کو International Education Standards سے ملانا ہے۔ یہ objects میں لکھا ہے لیکن اصل دو ترامیم ہیں وہ یہ آ رہی ہیں یہ سننے والی بات ہے سینیٹر کامران مرتضٰی صاحب کہ بورڈ کے Chairman کی تعیناتی Prime Minister کریں گے اور بورڈ کی Finance Committee کے ارکان کی appointment بھی Prime Minister کریں گے۔اس قانون کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ Prime Minister کو appointment authority کو دے رہے ہیں۔ اس کا مقصد یہ دکھایا گیا ہے کہ ہم International دنیاکے ساتھ مل کر کام کرنا چاہیں گے تو یہ میں نے کہا میں point کر دوں یہ مقصد لگ رہا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ کا point آ گیا۔جی شکریہ۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: یہ اختیار لکھا Federal Government کا تھا Federal Government means Cabinet under the Constitution علی ظفر صاحب اور کامران صاحب مجھ سے بہت بہتر سے جانتے ہیں۔کابینہ نے یہ amendments خود propose کی ہیں اور یہ Government Bill ہے۔کابینہ نے قانون سازی کے لئے سامنے رکھا ہے کہ ہم یہ appointment کا اختیار وزیراعظم کو دیتے ہیں۔جناب! یہ صرف ایک جگہ پر نہیں کابینہ نے کوئی 80 قوانین ایسے بنائے ہیں جن میں یہ اختیار departments کے concerned ministers کو دیا ہے کیونکہ جو کام آپ خود individually دیکھتے ہیں وہ کچھ processes اور ہوتے ہیں۔ میں صرف ایک چھوٹی سی عرض کروں گا سر آنکھوں پر اس پر بحث ضرور ہونی چاہیے، ضرور ہونی چاہیے۔

جناب والا! جب ہم Standing Committee میں بھیجتے ہیں تو میری تمام جماعتوں سے درخواست ہے کہ ہمارے ارکان خواہ وہ Opposition میں ہوں یا Treasury Benches پر ہوں وہ کمیٹی کی کارروائی میں شرکت کیا کریں۔ ساری بحث وہاں پر ہوتی ہے۔ کل ہم

نے ایک Bill نکالا ہے اس پر ہم نے تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ بحث کی ہے وہ آئے گا کسی دن ایوان میں پیش کیا جائے گا۔ اتنی سی میری استدعا ہے کہ یہ procedural چیزیں ہیں، سرکار چلانے کے لیے ڈالی جاتی ہیں۔ آپ سب سے تعاون کی درخواست ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، شکریہ۔ اب میں تحریک ایوان کے سامنے رکھتا ہوں۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: تحریک منظور کی جاتی ہے اور Bill متفقہ طور پر منظور کیا جاتا ہے۔ بل کی دوسری خواندگی۔ شق نمبر۔ ۲ تا ۶ میں کوئی ترمیم نہیں ہے، لہٰذا میں یہ شقات ایوان کے سامنے ایک سوال کے طور پر پیش کرتا ہوں۔ سوال یہ ہے کہ شق نمبر ۲ تا ۶ کو بل کا حصہ بنایا جائے؟

(تحریک منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: شق 1 ، بل کا ابتدائیہ اور عنوان۔ اب سوال یہ ہے کہ شق 1 بل کا ابتدائیہ اور عنوان کو بل کا حصہ بنایا جائے۔ اب میں تحریک ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں؟

(تحریک منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: تحریک منظور کی جاتی ہے۔ Order No.21 ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی کے behalf پر محترمہ وجیہہ قمر صاحبہ Order No.21 پیش کریں۔

Ms. Wajiha Qamar: I, on behalf of Dr. Khalid Maqbool Siddiqui, Minister for Education and Professional Training, move that the Bill further to amend the Federal Board of Intermediate and Secondary Education Act, 1975 [The Federal Board of Intermediate and Secondary Education (Amendment) Bill, 2025, be passed.

جناب ڈپٹی چیئرمین: اب میں تحریک ایوان کے سامنے رکھتا ہوں۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: تحریک منظور کی جاتی ہے اور Bill متفقہ طور پر منظور کیا جاتا ہے۔
Order No.22 رانا تنویر حسین Minister for National Food Security
and Research, Order No.22 پیش کریں۔ وہ موجود نہیں ہیں۔

on his behalf, Mr. Aqeel Malik, Minister of State for Law & Justice.

## Laying of the National Agri-trade and Food Safety Authority Ordinance, 2025 (Ordinance No.VI of 2025)

Barrister Aqeel Malik: I, on behalf of Rana Tanveer Hussain, Minister for National Food Safety and Research lay before the Senate the National Agri-trade and Food Safety Authority Ordinance, 2025 (Ordinance No.VI of 2025), as required by clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ Ordinance پیش کر دیا گیا ہے۔ یہ پہلے سینیٹ میں پیش کیا گیا تھا، لہٰذا دستور کے Article 89 کی شق۔۳ کے پیرا گراف ب کی رو سے یہ سینیٹ میں پیش کردہ بل تصور کیا جائے گا چنانچہ بل ہذا متعلقہ قائمہ کمیٹی کے سپرد کیا جاتا ہے۔ اس سے پہلے کہ میں Order No.23 پر جاؤں جو next اجلاس گزر گیا ہے بروز منگل ہمارے معزز سینیٹر ایمل ولی خان صاحب نے دو تین ایسے سوالات اُٹھائے جس میں FC کے حوالے سے تھا اور باجوڑ میں جاری operation مولانا خانزیب کی شہادت اور سوات کے حوالے سے تھا۔ اس پر میری منسٹر صاحب سے گزارش ہے کہ اس پر آپ اپنا بیان دے دیں۔ سینیٹر محمد طلال بدر صاحب۔

سینیٹر محمد طلال بدر: میں تو ready ہوں اگر ممبر خود ہوتے تو زیادہ بہتر تھا۔ جناب! اگر آپ ابھی کہیں گے تو میں بالکل تیار ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: چلیں طلال صاحب آپ Monday کو کر لیجئے۔ جی، سینیٹر سید علی ظفر صاحب۔

**Point of Public Importance raised by Senator Syed Ali Zafar regarding loss of lives and property by recent floods due to heavy monsoon rains**

سینیٹر سید علی ظفر: جناب چیئرمین! آج میں اس ایوان میں چند نہایت اہم امور پر بات کرنا چاہتا ہوں۔ حالیہ بارشوں کے نتیجے میں ہماری معصوم اور قیمتی جانیں ضائع ہوئیں اور لوگ بہت مصیبت میں ہیں۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ جو کچھ ان کے ساتھ ہو رہا ہے اس کے لیے وفاقی صوبائی حکومت کی یہ نااہلی اور غفلت ناقابلِ قبول ہے۔ جناب والا! میں اس پر بات کرنا چاہتا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، جی پلیز۔

سینیٹر سید علی ظفر: یہ پہلا موقع نہیں ہے ہمیں معلوم تھا کہ monsoon آ رہا ہے۔ محکمہ موسمیات نے پہلے سے warning دے دی تھی، اطلاع دے دی تھی، لیکن وفاقی و صوبائی حکومتوں کے متعلقہ ادارے بالکل تیار نہیں تھے۔ کل ہم نے دیکھا کہ لوگوں کے گھر اور پورے پورے محلے زیر آب تھے، لوگ مر رہے تھے، اپنی جان بچانے کے لیے چھتوں پر بیٹھے ہوئے تھے اور ریاستی مشینری خاموش تماشائی کی طرح کھڑی سارا نظارہ دیکھ رہی تھی، they were silent spectators.

جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں کہ یہ صرف قدرتی آفت نہیں تھی، یہ ایک حکومتی ناکامی تھی۔ آپ خود سوال اٹھائیں گے، میں بھی بار بار یہ سوال اٹھا رہا ہوں، قوم بھی بار بار یہ سوال اٹھا رہی ہے اور میں پوچھنا چاہوں گا کہ حکومت کے پاس اس قسم کی disaster management کے لیے کوئی مثبت انتظام یا strategy ہے، ان کے پاس کسی قسم کی کوئی ایسی strategy ہے جو ایسے حادثات کل کو ہونے سے روکیں، مجھے نہیں نظر آئی۔ ہر سال عوام کو ہم اس آزمائش میں ڈالتے ہیں۔ پچھلے سال بھی حکومت نے ایسے ہی جھوٹے وعدے کیے تھے، جھوٹے حوالے دیے تھے اور جھوٹے دلاسے دیے تھے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ویسے اس حوالے سے آفس کے پاس کافی motions جمع ہو چکی ہیں، اس لیے اس پر Monday کو تفصیلاً بات کریں گے۔

سینیٹر سید علی ظفر: لیکن آج جو ہو رہا ہے اس پر میں تھوڑی دیر ہی بولوں گا۔ اس پر detail سے اور لوگ بھی بولیں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جمعہ کا دن ہے، آپ نے highlight کر دیا ہے، باقی اس پر تفصیلاً بات Monday کو کریں گے۔ شکریہ۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جمعہ کی نماز کا وقت ہو گیا ہے تو سارے اراکین کی خواہش ہے کہ آپ بھی ہمارے ساتھ آ کر جمعہ کی نماز اکٹھی پڑھیں۔ علی ظفر صاحب، آپ اپنی بات کو پورا کر لیں۔

سینیٹر سید علی ظفر: جناب چیئرمین! میں اس کے بارے میں یہ پوچھنا چاہوں گا کہ NDMA اور بالخصوص پنجاب کے ادارے کہاں تھے؟ میں پوچھنا چاہوں گا کہ ہنگامی plan کہاں تھا؟ بجلی، sewerage اور صفائی کے انہوں نے کیا انتظامات کیے ہوئے تھے، اس کے بارے میں آ کر ہمیں بتائیں۔ متاثرین کی فوری امداد کیوں نہیں کی گئی، اس کے بارے میں بتائیں۔ میں اور یہ ایوان یہ مطالبہ کرنا چاہے گا کہ حالیہ بارشوں کے حوالے سے حکومتوں کی تیاریاں اور ردعمل پر ایک جامع رپورٹ پیش کی جائے۔ ان کو بتائیں کہ اگلے ہفتے بلکہ Monday کو ہی یہ رپورٹ پیش کی جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس حوالے سے بہت سے motions آئے ہوئے ہیں، Monday کو اس پر بات کر کے حکومت سے اس کا جواب لے لیں گے۔

سینیٹر سید علی ظفر: میں اس حوالے سے آپ کو ایک اور suggestion بھی دیتا ہوں اور ایک مطالبہ بھی کرتا ہوں کہ آپ ایک سپیشل پارلیمانی کمیٹی تشکیل دیں جو اس معاملے میں تحقیقات کرے اور تحقیقات کرنے کے بعد وہ اپنی سفارشات پیش کرے کہ مستقبل میں ایسا نہ ہو۔ کیونکہ جناب چیئرمین! یہ حق صرف ان کا نہیں ہے کہ جن کی غیر ذمہ داری کی وجہ سے اموات

ہوئیں، یہ ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ ہر شہری کی جان، مال اور وقار کی حفاظت کرے۔ خدارا، میں حکومت سے کہتا ہوں کہ اس کا کچھ کریں، اگر آپ نے آج اس کا کچھ نہیں کیا تو کل کو مائیں اپنے بچوں کو پانی میں ڈھونڈیں گی۔ آپ خدارا اس پر کچھ کریں اور میں کہوں گا کہ رپورٹ کے ساتھ ساتھ پارلیمانی کمیٹی ضرور بنائیں، یہ آپ کی بھی ذمہ داری ہے کہ آپ ابھی میری تقریر کے بعد اس پر فیصلہ کریں کیونکہ یہ بہت ضروری چیز ہے، ہم اس پر انتظار نہیں کر سکتے کہ Monday کو اس پر اور debate ہو کیونکہ debates کا time ختم ہو گیا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ابھی Monday کو اس پر motion بھی آنے ہیں، اس پر تفصیلی بات بھی کریں گے، یہ صرف وفاقی حکومت کا نہیں بلکہ چاروں صوبائی حکومتوں کی بھی ذمہ داری ہے کہ وہ اس بابت اپنا کردار ادا کریں۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر ندیم احمد بھٹو صاحب، ان شاءاللہ Monday کو اس پر مفصل بات کریں گے، ابھی جمعہ نماز کا بھی وقت ہو گیا ہے۔ علی ظفر صاحب ان شاءاللہ Monday کو اس حوالے سے حکومت سے بھی بات کریں گے۔ آپ سب نے آج جمعہ کے دن ہی requests کرنی ہیں۔ Monday کے لیے بھی کوئی requests چھوڑ دیں۔ Order No.24 جو توجہ مبذول کرانے کا نوٹس تھا اسے سینیٹر کامران مرتضٰی صاحب defer کر دیں کیونکہ ابھی جمعہ کا وقت ہو گیا ہے۔

سینیٹر کامران مرتضٰی: جناب چیئرمین! اگر آپ اسے defer کریں گے تو یہ تو ایک معاملہ تھا، اس کے بعد ایک واقعہ قلات میں ہو گیا ہے، رات کو نوشکی اور مستونگ میں بھی ہوا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: امن وامان کے حوالے سے بھی بحث ہونی چاہیے۔ پھر اسے defer کرتے ہیں اور بعد میں رکھتے ہیں۔

سینیٹر کامران مرتضٰی: جناب پھر اسے Monday کے لیے fix کر دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی Monday کے لیے کر لیتے ہیں۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: بہت شکریہ جناب۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: Order No.25 سینیٹر سرمد علی صاحب کے نام سے ہے، وہ ابھی موجود نہیں ہیں۔ اسے بھی بعد میں رکھتے ہیں۔ ایوان کی کارروائی بروز پیر، 21 جولائی، 2025 شام 05.00 بجے تک ملتوی کی جاتی ہے۔

-------------------

*[The House was then adjourned to meet again on Monday, 21st of July, 2025 at 05:00 p.m.]*

-------------------